# مکافات عمل

## آمنہ فخر الدین

"ازل سے ہے مکافاتِ عمل کا سلسلہ قائم

رلایا جس نے اوروں کو وہ خود بھی چشمِ تر ہوگا"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

سردی کی رات تاریکی میں ڈوبی ہوئی تھی ہر جگا گہری خاموشی چھائی تھی ---- وہ لان میں بیٹھا کسی گہری سوچ میں گم تھا --!! وہ ایسا ہی تھا -- خاموش !! کھو جانے والا-----

وہ ایسا نہیں تھا !! ہاں وہ ایسا نہیں تھا !! وہ پہلے ایسا نہیں تھا ---

حالات نے اسے بدل دیا تھا --! نا جانے کیوں ؟؟؟ کیا تھ


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

اوہ ؟؟؟ یہ سمجھنا آسان نا تھا ---!!!وقت اپنی رفتار سے چل رہا تھا --------- وقت کہاں رکتا ہے ----- وقت تو کسی کا نہیں ہوتا ----

اس نے دیکھا گھڑی میں 2 بج رہیں تھے ----

وہ چل کر کھڑکی کے پاس آئی اور آہستگی سے کھڑکی کے پٹ کھول دئے ---

باہر کا خاموش منظر اس کے دل کی عکاسی کر رہا تھا ----

وہاں وہ کسی گہری سوچ میں گم سگریٹ کے کش لے رہا تھا --!!!

------ وہ کافی دیر تک ٹکٹکی باندھے اسے دیکھتی رہی !

وہ لمبے قد کاٹھ کا خوبصورت اور وجیہہ مرد اسکا شوہر تھا !! ہاں وہ اسکی محبت !! اسکا عشق تھا ---!!

مگر ! اسکا ہوکر بھی اسکا نہیں تھا --- وہ اسکا تھا ہی نہیں ؟؟ یا ہونا نہیں چاہتا تھا ؟؟ آج تک یہ جان نہیں پائی تھی !!!!!!

وہ اپنی محبّت کو پا کر بھی اسے حاصل نہیں کر پائی تھی --!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

ہاں ! وہ تڑپ رہی تھی -- لاحاصل کی آگ میں جل رہی تھی !!

اس کرب اور اس اذیت میں وہ 6 سال سے مبتلا تھی ---

6 سال بیت گئے تھے پر اسکی سزا ختم نا ہوئی تھی !

ہاں سزا تھی ---- اسکی غلطی کی ---

غلطی تھی! یا گناہ ! مکافات عمل بھگت رہی تھی یا بددعا کے زیراثر تھی --- اسکا فیصلہ وہ آج تک نا کر پائی تھی -------!!!

اور شاید یہ سب اسے مزید بھگتنا تھا ---

وہ جانتی تھی یہ سزا اتنی آسانی سے ختم نا ہوگی !!!!

اسے یقین آگیا تھا مکافات عمل پر !!!!!

ہاں وہ جان گئی تھی ----کے وہ مکافات عمل بھگت رہی ہے ----!!!!!!

" مکافات عمل ہوکر رہتا ہے

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

دیر سویر ہو سکتی ہے مگر ٹل نہیں سکتا"

ٹھنڈ بڑھتی جارہی تھی مگر اب اسے محسوس نہیں ہوتی تھی ---------.....

کیوں کے وہ جل رہی تھی ہاں ایک آگ میں جو اسنے خود ہی لگائی تھی --!!!!!

وہ کافی دیر سے اسے ہی دیکھ رہی تھی ---

وہ جانتی تھی وہ کیا سوچ رہا ہے ----

اسکے دل میں کیا ہے ---!!!!

مگر--!!

مگر وہ اسکی سوچ پر پابندی نہیں لگا سکتی تھی -!!!

اگر اسکے اختیار میں ہوتا تو وہ کبھی اسے وہ سوچنے نا دیتی جو وہ سوچتا تھا -----!!!!!

مگر ! افسوس --! انسان کے بس میں نہیں --! انسان کے خواب اور خیال پر کسی کا زور نہیں -!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

اس کا بھی یہی حال تھا۔!!!!

وہ مجبور تھی ! بے بس تھی ! خطاکار تھی !!

یہ تو سزا تھی جو اسنے خود منتخب کی تھی ۔۔!!!!

اس کی وجہ سے تو وہ تڑپ رہا تھا !!!! ہاں !!

افنان زیدی تڑپ رہا تھا !!

وہ اسکی وجہ سے اذیت میں تھا اسکی اندر جلتی آگ نے ، اسکے حسد نے اسکی محبت کو بھی اپنے لپیٹ میں لے لیا تھا !!!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کافی دیر گزر گئے تھے اسے یوں ہی کھڑے ہوئے !!! اسنے ایک ٹھنڈی اہ بھری اور کھڑکی کے پٹ بند کردئے !!!!!

اسے لگتا تھا کے وہ اس سے نفرت کرتا ہے !! ہاں وہ الماس افنان سے نفرت کرتا ہے

-----

مگر ! کون کون جانے !!! اسکے دل کا حال ۔۔ !!!!!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

-----خوابوں کی طرح تھا نا خیالوں کی طرح تھا

----وہ علم ریاضی کے سوالوں کی طرح تھا

----الجھا ہوا ایسا کے کبھی حل نا ہوسکا

----سلجھا ہوا ایسا کے مثالوں کی طرح تھا

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

# CLASSIC URDU MATERIAL

## خوشخبری

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور ہماری ویب سائٹ پر اپنا ناول/ ناولٹ/ افسانہ/ کالم/ آرٹیکل/ شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

**Email Address**

bestreadingmaterial@gmail.com

Classicnovels04@gmail.com

**Facebook Group:** Classic Urdu Material

**Facebook Page:** https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ان شاءاللہ آپکی تحریر ایک ہفتہ کے اندر اندر ویب سائٹ پر شائع کردی جائے گی۔ مزید تفصیلات کے لیے اوپر دیے گئے ای میل ایڈریس پر رابطہ کریں۔ شکریہ

## نوٹ

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد بمعہ مصنفہ/ مصنف کے نام سے محفوظ ہیں۔ بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز یا مواد سے متعلق مسودہ ویب سائٹ یا مصنفہ/ مصنف کی اجازت کے بغیر نقل نہیں کرسکتا۔ نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد/ بلاگ/ ویب سائٹ کو درپیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہوگا۔

انتظامیہ کلاسک اردو میٹیریل

-----وہ مل تو گیا تھا مگر اپنا ہی مقدّر

-----شترنج کی الجھی ہوئی چالوں کی طرح تھا

-----------♥-------------♥--------------♥-----------

-

وہ لیپ ٹاپ گود میں رکھے اسائیمنٹ بنانے میں مصروف تھی--!! کے اچانک اس کے موبائل پر رنگ ہوئی ------ اسنے موبائل پر نظر ڈالی تو سمایا کالنگ کے الفاظ جگمگا رہے تھے----!!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اسکے چہرے پر ایک جاندار مسکراہٹ آئی تھی ---- اور اسنے لیپ ٹاپ سائیڈ پر رکھ کر فوراً ہی کال ریسیو کی تھی ----!!!!

السلام علیکم !!!! کیسی ہو انابیہ ؟؟؟؟


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

دوسری طرف سے پرخلوص لہجے میں پوچھا گیا -----

میں ٹھیک ہی ہوں یار آپی مجھے کیا ہوگا --!!! اسنے مسکرا کر جواب دیا ---!

بس مما تمہیں بہت یاد کرتی ہیں ---!!!

اب واپس بھی آجاؤ -!!! پورے 2 سال ہوگئے -----

پتا نہیں تم کب آؤگی بہت یاد آتی ہو --

کیا تمھیں ہم یاد نہیں آتے ---؟؟؟؟؟

وہ بنا رکے ایک ہی سانس میں سب بولتی چلی گئی تھی -------

اچھا ! اچھا ! بریک لگالو !!! صبر کرلو لڑکی --نان اسٹاپ ہی بولتی جاتی ہو ---!!!

جس پر اندیبہ زور سی ہنسی تھی . -!!!

سمایا کے ہونٹوں پر بھی مسکراہٹ آئی تھی ---

یہی بتانے کے لئے کال کی ہے ---

کل رات کی فلائٹ ہے ---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

انشااللہ پرسوں پاکستان میں ہونگی ۔

اب خوش !!!!!

کیا !!!!!!!!!؟؟!

سمایا نے تفصیل سے آگاہ کیا----!!!!

کیا -------------------!!!!!!!!

وہ اتنا تیز چیخی تھی کے سمایا نے ایک پل کے لئے موبائل کان سے ہٹا لیا تھا---!!

پاگل ہوگئی ہو کیا اتنا کیوں چیخ رہی ہو--!!! سمایا اسکے پاگل پن پر ہنس دی تھی-----

تم نے نیوز ہی پاگل کر دینے والی دی ہے--!!!

ابھی جا کر ما کو بتاتی ہوں---

آئی لو یو سو مچ !!! میں ویٹ کرونگی تمہارا !!!!

جلدی جلدی کہہ کر اسنے کال ہی کاٹ دی تھی---

اور وہ مسکرا دی تھی---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

وہ پاکستان لوٹ رہی تھی وہ خوش تھی ---!!!!!

-----------❤------------❤----------❤----------

وہ چائے کا کپ لئے اسٹڈی روم میں داخل ہوئی تو اسے بے چین پایا ----

وہ اکثر خاموش رہتا تھا مگر آج پریشان لگ رہا تھا -- کسی الجھن میں تھا شاید ------

افنان ! اس نے دھیرے سے پکارا ----

https://www.classicurdumaterial.com/

وہ اچانک سوچوں کی دنیا سے باہر آیا تھا --

Support@classicurdumaterial.com

ہمم --- کیا ہوا ؟؟ بولو --

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ میں آپ کے لئے چائے لائی تھی ---

ہمم رکھدو --- افنان نے گہرا سانس لیا -


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

وہ آپ کچھ پریشان لگ رہیں ہیں ۔ سب ٹھیک تو ہے نا ؟؟؟ اسنے جھجھکتے ہوئے سوال کیا ----!!

ہمم سب ٹھیک ہے -- بس امی سلمہ خالہ سے ملنا چاہتی ہے ---- اسی سلسلے میں سوچ رہا تھا --!!!!!!

تو اس میں سوچنے والی کیا بات ہے -----

بہن ہیں وہ انکی انوائٹ کرلیتیں ہیں چھوٹی پھوپھو کو ---!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

افنان نے ایک لمبا سانس لے کر اسے دیکھا تھا -----

وہ براؤن شلوار قمیض میں ملبوس نکھری نکھری سی لگ رہی تھی -----!!!!!!!

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

افنان نے فوراً نظریں پھیر لی تھی --!!!!!

کیا خالہ آئیں گی -----

اتنے سال ہوگئے ------ وہ کرب سے بولا --!!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

اچھا تو آپ بڑی پھپھو کو سمجھائیں -------

کیا سمجھاوں ؟؟؟؟؟

امی کہتی ہے کے ! میرے مرنے سے پہلے مجھے مری بہن سے ملوادو ----- میں کیا کروں -----

اسکے لہجے میں کرب تھا ---!! اسے بھی اپنوں سے دوری کا احساس تھا لیکن وہ مجبور تھا ---!!!!!

کبھی ان سے ملنے کی ہمّت ہی نہیں ہوئی تھی --- نا جانے کیوں !

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اچھا آپ پریشان نا ہوں !!

کیسے پریشان نا ہوں ؟ ہاں بولو! کیسے پریشان نا ہوں ؟ وہ اچانک غصّے میں آگیا تھا ----!!!!

الماس نے سہم کر نظریں جھکا لی تھی !!!!

افنان نے فورا خود کو کنٹرول کیا تھا ۔!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

اچھا تم مجھے انابیہ کا نمبر سینڈ کرو میں اس سے بات کرتا ہوں ---!!!

جی اچھا ،!!!

کہہ کر وہ فورا وہاں سے چلی گئی تھی ---!!!

" ہم تو سمجھے تھے کے ایک زخم ہے بھر جائے گا

کیا خبر تھی کے رگِ جاں میں اتر جائے گا "

----

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

-----------❤-----------❤-----------❤-------

وہ لائبریری میں بیٹھی کوئی کتاب پڑھنے میں مصروف تھی ----

اچانک اسکا موبائل وائیبریٹ ہوا تھا ----

لائبریری کے خاموش ماحول میں موبائل کی وائیبرین بھی تیز معلوم ہو رہی تھی ---!!!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

اس نے سکرین پر نظر ڈالی تو unkown نمبر تھا ----

وہ موبائل ہاتھ میں لئے بکس اٹھاتی لائبریری سے بھر آئی اور کوریڈور میں کھڑے ہوکر اسنے نمبر پھر غور سے دیکھا ---------!!!!

موبائل مسلسل وائبریٹ ہورہا تھا ----!!!!!

اسنے کال ریسیو کر کے فون کان سے لگایا ---

دوسری طرف سے ایک مردانہ آواز سنائی دی -----!!!

السلام علیکم !!! انابیہ کیسی ہو ؟؟؟؟؟

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وعلیکم السلام !! آپ کون ؟ آپ کو مرا نام کیسے پتا ؟؟؟؟ آپ کو مرا نمبر کہاں سے ملا؟؟؟؟ کیوں کی ہے کال ؟؟؟

عادت سے مجبور بولی تو بولتی چلی گئی !!!!

میں افنان بات کر رہا ہوں --!! افنان زیدی !! خالہ کیسی ہے ؟؟؟؟

افنان بہت دھیمے لہجے میں بات کر رہا تھا ---!!!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

افنان بھائی !!!آپ ؟آپ نے کیسے کال کرلی ؟؟ خیریت تو ہے نا ؟؟؟

ہاں خیریت ہے ۔!!!! مگر تم نے میرے دونوں سوالوں کا جواب نہیں دیا ؟؟؟؟

ہیں ؟ دونوں سوال ؟ کون سے سوال ؟آپ نے کب کئے سوال ؟؟؟؟؟

وہ نان اسٹاپ بولتی گئی ۔!!!!

رک تو جاؤ ۔!!!! تمھاری اتنا بولنے کی عادت اب تک نہیں بدلی ؟؟؟ اسنے مسکرا کر سوال کیا !!!

https://www.classicurdumaterial.com/

نہیں !"عادتیں کہاں بدلتی ہیں ! اور نا ہی انسان بدلتے ہیں ! بس وقت بدل جاتا ہے --!!!!

Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس نے گہرا سانس لے کر جواب دیا ----!!!!

افنان کو امید نہیں تھی کے وہ اس سوال کا جواب دیگی ---!!

مگر ! وہ سمجھ گیا تھا --!! اس کے طنز کو --!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

وہ مسکرایا تھا۔!! وہی زخمی مسکراہٹ۔۔!!!

۔۔۔افنان کو امید نہیں تھی کے وہ اس کے سوال کا جواب دیگی۔۔۔!!

مگر! وہ سمجھ گیا تھا۔۔!! اس کے طنز کو۔۔!!

وہ مسکرایا تھا۔۔!! وہی زخمی مسکراہٹ۔۔!!!

اور بتائیں خالہ کیسی ہے ؟؟ اس بار انابیہ نے پر سکون لہجے میں سوال کیا تھا۔۔۔۔

ٹھیک ہیں۔۔ افنان کا لہجہ دھیما تھا۔۔۔۔!!!

اچھا اور انکی طبیعت ٹھیک ہے نا ؟؟؟؟ کہاں ہیں وہ ؟؟؟ بات کرا دیں۔۔۔ اتنے دنوں سے بات نہیں ہوئی۔۔۔ انابیہ نے پھر سپیڈ پکڑی تھی۔۔۔!!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

نہیں ابھی میں آفس میں ہوں۔۔۔

بس تھوڑی بیمار رہتی ہے۔۔۔ کبھی کبھی۔۔۔

افنان کے لہجے میں نرمی تھی۔۔۔

اچھا چلیں اب پوائنٹ پر آتے ہیں۔۔۔


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

چلیں بتائیں کیوں کی ہے کال ؟؟؟ کوئی خاص کام ہے ؟؟؟ یا یونہی کرلی ؟؟؟

انابیہ نے پھر سے سوال کیا تھا --- بلکہ سوالات کئے تھے ----!!!!

ہمم وہ امی خالہ سے ملنا چاہتی ہیں ---

کہتی ہیں ایک بار مرنے سے پہلے مجھے مری بہن سے ملادو ---!!! اسی سلسلے میں تمھیں کال کی ہے -!!!!!

لو بھلا یہ کیا بات ہوئی ؟؟؟؟ اس سلسلے میں کیا مطلب فلائٹ پکڑے اور آجائیں کراچی خالہ کو لے کر ---!!!! اور بتائیں الماس آپی کیسی ہیں ؟؟؟؟؟

https://www.classicurdumaterial.com/

ہمم یہی پوچھنے کے لئے کال کی تھی کہ ؟؟؟

Support@classicurdumaterial.com

اگر ہم آئیں تو خالہ ناراض تو نہیں ہونگی ؟؟؟؟؟

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ اسکا سوال گول کر گیا تھا ----

کیوں ہونگی مما ناراض --- سب بھول چکے ہیں سب ---!!! سب اپنی زندگی میں آگے بڑھ گئے ہیں ---!!!

اس نے لہجے میں معصومیت تھی ----!!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

بلکہ ایک کام کرتے ہیں انکو نہیں بتاتے انھیں سرپرائز دینگے ۔!!!! ویسے بھی وہ بہت خوش ہے ۔!

اور خوش ہوجائے گی ۔۔۔۔ وہ پھر شرارت سے بولی تھی ۔۔۔!!!؟!!

اچھا ۔!! ویسے وہ خوش کیوں ہیں ؟؟؟ افنان نے نا سمجھی سے سوال کیا !!

وہ سمایا آپی آرہی ہیں نا کل ملائیشیا سے ۔۔۔۔۔۔۔۔!!!!

اسکے لہجے میں سمایا کے لئے بہت پیار تھا ۔۔۔!!!!

سمایا کا نام سن کر وہ خاموش ہوگیا تھا ۔۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/

اچھا چلیں پھر کب آرہے ہیں آپ لوگ ؟؟؟ انابیہ نے خود ہی سوال کر ڈالا !!!!!

Support@classicurdumaterial.com

سوچ رہا ہوں کل شام کی فلائٹ سے ۔۔۔۔!!!

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اچھا ٹھیک ۔! میں انتظار کرونگی ۔۔۔۔ اوکے بائے ۔۔۔

میری کلاس کا ٹائم ہوگیا ہے ۔۔۔!!! پھر بات ہوگی ۔۔۔!!!۔ آگے سے جواب سنے بغیر ہی اسنے کال کاٹ دی تھی ۔۔۔۔!!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

اسنے اپنا موبائل سائیڈ پر رکھا اور گہری سانس لی ---!!! وہ سوچ میں پڑ گیا تھا ---!!!

-----جینے نا دے گی تجھ کو محبّت کی بازگشت

-------کانوں میں ہاتھ رکھے گا چیخا کرے گا تو

----- سمجھے گا خود کو گر تو مکمّل میرے بغیر

-------سن لے یہ اپنے آپ سے دھوکہ کرے گا تو

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

------------♥---------------♥------------♥-------------

اس کی بلیک مرسیڈیز آکر پورچ میں رکی تھی ---

وہ جیسے ہی گھر کے اندر داخل ہوا ----


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

اسکی نظر لان میں پڑی --! جہاں الماس سعدیہ بیگم کے سر میں مالش کر رہی تھی ---وہ چل کر انکی طرف آیا اور سلام کیا ----!!!!!

وعلیکم اسلام --!!آگئے بیٹا --!! چلو فریش ہوجاؤ کھانا لگوا دیتی ہوں ---!!!

ان کے لہجے میں پیار ہی پیار تھا ---!!!!!

جی! وہ دراصل مجھے بات کرنی تھی آپ سے ---!!!!

ہاں بیٹا کہو کیا بات ہے --------

وہ مری انابیہ سے بات ہوئی ہے آپ لوگ تیاری کر لیں کراچی جانے کی ---!!!!!

افنان دھیمے لہجے میں بات کر رہا تھا -- الجھن نمایاں تھی..!!!

سعدیہ بیگم مسکرا اٹھی ---!!

اچھا تمہاری انابیہ سے بات ہوئی تھی -- کیسی ہے وہ بچی ؟؟ اور سلمہ کیسی ہے ؟؟

جی ! وہ لوگ ٹھیک ہیں ---!!! افنان نے دھیمے لہجے میں جواب دیا ---!!!!

اور ------ سمایا ؟؟؟؟ سعدیہ بیگم نے جھجھکتے ہو پوچھا ---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

ایک پل کو افنان خاموش ہوگیا تھا --

پھر بولا ---- جی انابیہ بتا رہی تھی کل واپس آرہی ہے وہ ملائیشیا سے ---!!!!

اچھا امی میں جارہا ہوں فریش ہونے آپ لوگ تیاری کر لیں کل شام کی فلائٹ ہے ---

میں نہیں آپاؤں گا کام کی مصروفیت کچھ زیادہ ہے ------ !! وہ کہہ کر رکا نہیں -----!!!!

الماس جو اتنی دیر سے خاموش انکی بات سن رہی تھی ------- سمایا کی واپسی کا سن کر سکتے میں آگئی تھی ----!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

چلو بیٹی تیاری کرلو کل جانا ہے ----

سعدیہ بیگم بھی پیار سے کہتی اندر چلی گئی تھی ---!!!!!

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

--------♥--------------♥-------------------♥----------


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

----وہ بند کمرے میں اندھیرا کئے خاموش بیٹھی تھی عجیب پریشانی میں مبتلا تھی

------

سمایا آرہی ہے ------- یہ بات اسے اندر سے کھائے جا رہی تھی --!!! اسے اچانک

سب یاد آیا تھا ---!!!!

وہ سمایا جو اسکی دوست تھی --- اسکی کزن تھی -----!!!!

اسنے کیا کیا تھا اسکے ساتھ --! اپنی ضد کے آگے وہ سب تباہ کر گئ تھی ---

ہاں الماس افنان نے کئ سال پہلے اپنی دوست کو -- اپنی سب سے اچھی دوست کو برباد

https://www.classicurdumaterial.com/

کر دیا تھا ----!!

Support@classicurdumaterial.com

اسنے سمایا جلیل کو کہیں کا نا چھوڑا تھا --- اچانک اسکی آنکھیں بھیگ گئ تھی ---

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ہاں الماس افنان رو رہی تھی ---!! سب کو رلانے والی الماس -------------آج خود رو

رہی تھی

نا جانے کتنی روکاوٹوں کے بات کتنے لوگوں کو اذیت دینے کے بعد اسنے افنان زیدی کو پایا

تھا --!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

مگر لاحاصل کو حاصل کرنے کی خوشی نہیں تھی --

اذیت بن گئی تھی --!!

وہ سلگتی رہی پر وہ انجان بنا رہا ----

لوگ تو محبت پا کر جی اٹھتے ہیں مگر --!!

مگر وہ پل پل مر رہی تھی --

کتنی بد نصیب تھی وہ جسے محبت مل کر بھی نا ملی تھی ---!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"-----------محبت پل صراط کی مانند ہے

ہر کوئی آسانی سے گزر جائے یہ کب ممکن ہے"

-----------❤-----------❤-----------------❤..-----------


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

ماضی ---------------------------------♥

------چوم لیتی ہے لٹک کر کبھی چہرہ کبھی لب

تم نے زلفوں کو بہت سر پے چڑھا رکھا ہے

جو پھنسا پھر نا اسنے کبھی رہائی مانگی

زلف تیری نے عجب جال بچھا رکھا ہے

اب میں سمجھا تیرے رخسار پے تل کا مطلب

دولتِ حسن پے دربان بٹھا رکھا ہے

عشق ہو، حسن ہو دونوں کا اثر یکساں ہے

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

چیز ایک ہے ، مگر نام جدا رکھا ہے --------

وہ سنگھار میز پر بیٹھی ہاتھوں میں پھولوں کے کنگن پہن رہی تھی ----

سفید رنگ کی قمیض اور چوڑی دار پاجامے پر لال رنگ کا دوپٹہ اوڑھے کوئی پری معلوم ہورہی تھی ---!!!

پھولوں کے زیور پہنے ہلکا سا میک اپ کیئے بہت دلکش لگ رہی تھی --!! آنکھیں خوشی سے چمک رہی تھی -- چہرے پر پیاری سی مسکان تھی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

گالوں کا ڈمپل نمایاں تھا --!!!

مگر ایک خوف بھی تھا آج وہ کسی اور کی ہوجانی تھی --!!

اسکے نام کے آگے کسی اور کا نام آجانا تھا --!!

آج اسکا نکاح تھا --!! ایک خوبصورت دن --!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

ہاتھوں میں استری شدہ کپڑے لئے وہ کمرے میں داخل ہوئی تھی -- اسے دیکھ کر ٹھٹک گئی تھی پھر چل کر اسکے پاس آئی تھی -----

واو سمی آپی --! کتنی خوبصورت لگ رہی ہو ----

ہیے نظر نا لگ جائے مری بہن کو -- اسنے اسکی بلائیں ہی لے لی تھی --- اسکی اس حرکت پر سمایا کھلکھلا کر ہنسی تھی --!! گالوں کا ڈمپل مزید گہرا ہوا تھا --!!!

آج تو افی بھائی کی خیر نہیں --! وہ تمھیں دیکھ کر پاگل ہی ہوجائیں گے --!! وہ پھر بولی تھی ---!!!!

https://www.classicurdumaterial.com/

اچھا اب زیادہ باتیں نا بناؤ تم بھی بڑی پیاری لگ رہی ہو --!! سمایا نے مسکرا کر اسکے

Support@classicurdumaterial.com

گال پر چپت لگائی تھی ---!!!

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ہئے ہم تو ہیں ہی خوبصورت --!!! انابیہ نے مسکراتے ہوے کہا تھا --!!! پھر دونوں ہی ہنسنے لگی تھی --!!!!

اچھا انابیہ تم نے الماس کو دیکھا ہے --؟؟کہاں ہے --؟؟؟ سمایا نے سوال کیا تھا --!

کہاں ہوگی کہیں بیٹھی میک اپ کر رہی ہوگی ---!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

انابیہ نے بیزاریت سے جواب دیا تھا --!!!

اتنے میں وہ کمرے میں داخل ہوئی تھی --!!

تمھیں کیا پروبلم ہے میرے میک اپ سے --!!!

اللہ نے حسن دیا ہے اسے سنوارنا تو چاہیے ہی --!

الماس نے اطرا کر جواب دیا --!!

ہاں ہاں حسن تو دے دیا پر عقل سے محروم رہ گئی -- مجھے تو لگتا ہے جب اللہ تعالیٰ سب کو عقل دے رہا تھا نا تم تب بھی حسن ہی بٹور رہی تھی --- بڑی آئی حسین --!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

انابیہ نے تپ کر کہا تھا . . . !!!

https://www.facebook.com/classicurdumaterial/

اچھا نا بس کرو کیوں لڑ رہی ہو ---!!!

سمایا بیچ میں بولی تھی وہ جانتی تھی دونوں شروع ہوئی تو بند نہیں ہونگی --!!!

ہونہہ انابیہ بیزاریت سے کہتی چلی گئی تھی ----!!!!!

سمجھا لو اپنی بہن کو بہت بدتمیزی کرتی ہے ---!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

اچھا نا چھوڑو بھی چھوٹی ہے تم سے تم بھی لحاظ کر لیا کرو ---!!!

ویسے تھی کہاں تم اتنی دیر سے ؟؟؟؟ سمایا نے بات گھما دی تھی ؟

کہیں نہیں یار پھپھو کے پاس تھی --!!!

اچھا چلو میں ابھی آتی ہوں وہ تیزی سے باہر چلی گئی تھی انابیہ کی وجہ سے اس کا موڈ خراب ہوگیا تھا ---!!!

سمایا اپنے گھنے اور سلکی بالوں میں برش پھیرنے لگی تھی ---!!!!!

وہ بیڈ پر نظریں جھکائے بیٹھی تھی --- جب جلیل صاحب مولوی صاحب کو لئے کمرے میں داخل ہوئے تھے -----ان کے ساتھ سلمہ بیگم اور سعدیہ بیگم بھی تھی ---!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

پیچھے انابیہ اور الماس بھی کمرے میں داخل ہوئی تھی انابیہ چل کر سمایا کے قریب آئ تھی اور الماس ایکطرف کھڑے یہ منظر دیکھ رہی تھی ----!!!

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کچھ ہی دیر میں قبول ہے کی صدا گونجی تھی سعدیہ بیگم اور سلمہ بیگم خوش تھی ---

سمایا سلمہ بیگم کے گلے لگے پھوٹ پھوٹ کر رو دی تھی ---- انابیہ کی آنکھیں بھی نم تھی ---


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

آج اس کی شناخت بدل گئی تھی وہ سمایا جلیل سے سمایا افنان ہوگئی تھی ----!!!!

الماس کونے میں خاموش کھڑی تھی ---!!!

تھوڑی دیر میں سب باہر چلے گئے تھے ---

الماس چل کر اس کے قریب آئی تھی ---!!!

کیوں رو رہی ہو -؟؟؟؟ تمھیں تو خوش ہونا چاہیے ---!!!

افنان زیدی تمہارا ہوگیا --!! اس کے لہجے میں حسد نمایا تھا ---!!!

کہتے ساتھ ہی وہ باہر چلی گئی تھی ---!!!

سمایا کو اس کا لہجہ کچھ چبھتا ہوا محسوس ہوا تھا --!!!

مگر وہ نظر انداز کر گئی تھی ----!!!!

--------------♥-------------♥--------------♥---------------

-

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

ارے ارے کہاں چل دئے اندر ------؟؟؟؟؟

وہ اندر جانے کی کوشش کر رہا تھا تو سمایا بیچ میں آئی تھی -----

ارے ہٹو پیچھے کیوں ظالم سماج بنی بیچ میں آرہی ہو--- چلو بھاگو یہاں سے ---

اسنے مصنوئی خفگی سے کہا تھا ----!!!

زیادہ ہی فری نہیں ہورہیں آپ ---!!! ہماری ہی غلطی ہے آپ کو گھر میں گھسنے ہی نہیں دینا چاہیے تھا مسجد سے ہی گھر روانہ کرنا چاہیے تھا---

انابیہ نے بھی فورا بدلہ پورا کیا تھا ---!!!

اچھا ٹھیک ہے ایک شرط پر اندر جانے دونگی ---!!!!

منظور ہو تو بولیں ----!!!

شرط ؟؟؟ کیسی شرط ؟؟ افنان نے خفگی سے گھورا تھا ---!!

جی ہاں شرط --!! بولیں منظور ہے تو بتاؤں ؟؟


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

یار یہ کیا بات ہوئی تم پہلے ہی مجھے ملنے نہیں دیتی تھی اب تو نکاح ہوگیا ہے --- تمھیں کیا پروبلم ہے -- افنان نے منہ بنایا تھا ---!!!

جس پر انابیہ کی ہنسی چھوٹ گئی تھی --!!

ہاں تو نکاح ہوا ہے رخصتی تھوڑی ہوئی ہے ابھی ----!!!

ایک ہی بات ہے --!! افنان کے لہجے میں ناراضگی در آئی تھی -!!

زیادہ بڑی شرط تھوڑی ہے بس پانچ ہزار کیش دے دیں ---!!!

انابیہ نے معصومیت کے سارے ریکارڈ توڑ دئے تھے ----!!!!

بس ہر وقت پیسے مانگتی رہنا کنگلی ---!!!

دے رہیں ہے تو دیں ورنہ جائے ٹائم ویسٹ نا کرے میرا -- انابیہ نے خفگی سے کہا تھا

----

نہیں دے رہا اور اندر بھی جاؤں گا

کیا کرلو گی ؟؟؟؟

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

افنان نے لا پرواہی سے کہا تھا ۔۔۔!!!!

سوچ لیں آپ نہیں دے رہیں ؟؟

انابیہ کے لہجے میں دھمکی تھی ۔۔۔۔!!!

ہاں ہاں نہیں دے رہا جاؤ چلو ۔!!!!

بابا!!!!!!! ۔۔۔

ارے ارے چپ کرو شور کیوں کر رہی ہو ۔۔۔

انابیہ کے چیخنے پر وہ خجل ہوا تھا ۔۔۔!!!!

اچھا اچھا دیتا ہوں ۔۔۔ مگر مری بھی شرط ہے !!!!

کیسی شرط انابیہ نے جلدی سے سوال داغا تھا ۔۔

آدھے گھنٹے تک یہاں نظر نا آنا اور نا کسی کو آنے دینا ۔۔۔!!!!

ہاں ہاں ٹھیک ہے آپ فکر ہی نا کرے ۔۔۔!!!

وہ اس کے ہاتھ سے پیسے چھین کر بھاگ گئی تھی ۔۔۔۔!!!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

وہ کمرے میں داخل ہوا تو وہ اپنے جہازی سائز بیڈ پر دراز تھی آنکھیں بند کئے لمبی گھنی پلکیں اور بھی خوبصورت لگ رہی تھی ---- لمبے بال آبشار کی طرح بیڈ پر پھیلے تھے ----

ناک میں پہنی ڈائمنڈ کی نوز پن چمک رہی تھی ---

وہ دیوانہ وار کھڑا اسے دیکھ رہا تھا ----

وہ مکمل حسن والی لڑکی اب اسکی بیوی تھی ----!!!!

وہ بنا آواز کئے چل کر اسکے پاس آیا تھا ---

وہ ابھی بھی آنکھیں موندے دنیا سے بے نیاز لیٹی تھی ----!!

https://www.classicurdumaterial.com/

میں آج خود کو دنیا کا خوش قسمت انسان تصور کر رہا ہو --- دنیا کی بے حد حسین لڑکی میری منکوحہ ہے ---!!!

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اسنے دھیرے سے سرگوشی کی تھی ----

وہ اچانک بوکھلا کر اٹھی تھی ------------------

تم یہاں کیا کر رہے ہو ؟؟ اندر کیسے آئے ؟؟ کسی نے دیکھ لیا تو ؟؟ اسکے چہرے پر پریشانی کے آثار نمایاں تھے ---!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

کوئی نہیں دیکھے گا اور اگر دیکھ بھی لیا تو کیا ہوا بیوی ہو اب تم مری ---!!! ویسے بے فکر رہو کوئی نہیں دیکھے گا --- افنان پر مبہوت ہوئے اس پری کو دیکھ رہا تھا ----!!!

اچھا تمھیں کیسے پتا کوئی نہیں دیکھے گا ؟؟؟ سمایا نے مسکرا کر پوچھا تھا ---!!!

وہ تمہاری کنگلی بہن کو پورے پانچ ہزار دئے ہیں اندر آنے کے ---- وہ کسی کو نہیں آنے دیگی ---

افنان نے منہ بسور کر کہا تھا ---!!!!

جس پر سمایا کھلکھلا اٹھی تھی ----!!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ہیے ایسے نا مسکرایا کرو جان نکل جاتی ہے --!!!

افنان اسکی مسکراہٹ میں کھو سا گیا تھا ---!!!!

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ہاہاہا چلو اب جاؤ یہاں سے بہت ہوگیا ---!! چلو اٹھو --!!

سمایا نے اسے بھگانے کی کوشش کی تھی --!!!

ارے ارے ایک منٹ اسنے اپنی جیب میں سے مخملی کیس نکالا تھا جس میں بریسلٹ جگمگا رہا تھا --- یہ آپ کے نکاح کا تحفہ --- قبول کیجیے ---


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

اسکے اس انداز پر وہ مسکرا دی تھی ---

چلو ہاتھ لاؤ --- ارے لاؤ بھی ---!!! اسنے ہاتھ اگے کیا تھا افنان نے اسکے نرم ملائم ہاتھوں میں سجا دیا تھا ---!!!!

بہت ہی خوبصورت ہے --- سمایا نے مسکرا کر کہا تھا ---!!!

ہمم ہے تو مگر مری جان سے زیادہ نہیں ---!!! اس نے اسکے گلاب جیسے گالوں کو چھوا تھا

سمایا نے شرم سے نظریں جھکا لی تھی ----

https://www.classicurdumaterial.com/

ہیے یہ شرمانا----

Support@classicurdumaterial.com

افنان اسکی حرکت سے محفوظ ہوا تھا ----

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ایسے عاشق بنے بلکل اچھے نہیں لگتے ---

اچھا تو آپ بتا دیں کیسے اچھے لگتے ہے ---

افنان مکمل اس کے دلکش روپ میں کھو گیا تھا ---!!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

چلو جاؤ اب سمایا نے اسکے بازو پر چپت لگائی تھی۔۔۔

پلیز جاؤ نا ۔۔۔۔

اچھا اچھا جارہا ہوں

وہ جاتے جاتے رک گیا تھا دروازے پر کھڑے پیچھے مڑا تھا ۔۔۔!!!

کیا ہوا اس نے آئی برو اچکا کر پوچھا تھا ۔۔۔

کچھ نہیں ۔۔۔ وہ آنکھ مارتا باہر چلا گیا تھا ۔۔۔۔۔!!!

وہ مسکرائی تھی ۔۔ اپنے ہاتھ میں بریسلیٹ کو دیکھا تھا ۔۔۔

جس پر سمایا افنان لکھا جگمگا رہا تھا ۔۔۔۔!!!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

-------------❤-----------❤----------❤--------------

جہانگیر ملک بہت ہی اچھے اور نیک انسان تھے ۔۔


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

انکے تین بچے تھے ---

سعدیہ جہانگیر ، حبیب ملک اور سلمہ جہانگیر ----

جہانگیر صاحب کی زوجہ کلثوم بیگم جوانی میں ہی چل بسی تھی -- جس کے بعد جہانگیر ملک نے اپنے بچوں کی پرورش اکیلے ہی کی تھی ---!!!

اپنے بچوں کو اعلی تعلیم دلوائی اور انکے جوان ہوتے ہی سب کی شادیاں کر کے اپنے فرض سے سبکدوش ہوگئے تھے ---

اور پھر کچھ ہی دنوں میں دنیا سے رخصت ہوگئے تھے ---!!!

https://www.classicurdumaterial.com/

سعدیہ کی شادی ایک بزنس ٹائیکون کے بیٹے ریحان زیدی سے ہوئی تھی ---- انکے دو بچے دانیہ ریحان اور افنان زیدی تھے ---

Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

سلمہ کی شادی ان کے یونیورسٹی فیلو جلیل آفندی سے ہوئی تھی جو کے ملک کے نامور بزنس ٹائیکون میں سے ایک تھے ---

انکی دو ہی بیٹیاں ہیں -- سمایا جلیل اور انابیہ جلیل ----!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

حبیب ملک کی شادی انکی کزن زرتاج احمد سے ہوئی تھی --- جن کی ایک ہی بیٹی تھی---

الماس حبیب -----

سعدیہ بیگم نے اپنی بیٹی دانیہ کی شادی کر دی تھی وہ اپنے شوہر ارمان چودھری کے ساتھ امریکہ میں سیٹلڈ تھی ---

اور اپنے چھوٹے بیٹے افنان زیدی کے لئے انھیں سمایا ہمیشہ سے ہی پسند تھی ----

افنان زیدی سمایا کو پسند کرتا تھا ---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

جبکہ سمایا کے دل میں کوئی خاص جذبات نہیں تھے ----

لیکن افنان زیدی اس سے محبت کرتا تھا ---

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

بے پناہ محبت ---!!! لیکن کون جانے قسمت میں کیا لکھا تھا ---!!!!

سمایا اور انابیہ اپنی خوبی اور اچھے اخلاق کی وجہ سے خاندان میں پسند کی جاتی تھی ---!!!!

یوں کہہ لے کے سلمہ بیگم نے اپنی بیٹیوں کی تربیت میں کوئی کمی نہیں چھوڑی تھی ---!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

جبکے ان کے مقابلے میں الماس ایک خودسر اور سرپھری لڑکی تھی -----

------------♥------------♥------------♥------------

--------وہ موبائل پر مصروف تھی جب زرتاج بیگم کمرے میں داخل ہوئی تھی ----

کیا ہر وقت موبائل پر لگی رہتی ہو ۔ کبھی کوئی ڈھنگ کا کام بھی کر لیا کرو ----

زرتاج بیگم غصّے سے بول رہی تھی ---

کیا کام کرلوں اتنے سارے ملازم کس لئے رکھے ہیں ڈیڈ نے ---- ہونہہ ----!!!

الماس نے بیزاریت سے جواب دیا تھا ----

تمہاری ان ہی حرکتوں کی وجہ سے میں پریشان ہوں بہت ---- ذرا دیکھو سمایا کو تمہاری عمر کی ہے ---- کتنی بااخلاق اور تمیزدار لڑکی ہے ----

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

اور ایک تم ہو ---- زرتاج بیگم اسکی حرکتوں سے بہت تنگ تھی وہ غصّے میں آگئی تھی

-----

اوہ فور گاڈ سیک ممی --- مجھے سمایا سے کمپئیر مت کیا کریں --- میں اس کے جیسی ہونا بھی نہیں چاہتی-----

سمایا کا نام سن کر تلخی آگئی تھی ----

کیوں ؟؟؟؟ کیوں نا کروں کمپیر ؟؟؟؟

https://www.classicurdumaterial.com/

دیکھو اسکی خوبیوں کی وجہ سے سعدیہ آپا نے اسے اپنی بہو بنا لیا ----

Support@classicurdumaterial.com

افنان زیدی کی بیوی ہے وہ اب --- پاکستان کے نامور بزنس ٹائیکون افنان زیدی کی بیوی ----!!!!

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ہزار بار کہا تھا کے اپنی پھپھو اور افنان کا دل جیتنے کی کوشش کرو مگر نہیں تمہاری ہٹ دھرمی ہی نہیں ختم ہوتی ------


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

کتنا اچھا ہوتا جو تمہارا نکاح ہوتا افنان سے ---- کتنی خواہش تھی میری --- مگر نہیں تم کسی کی سنو تب نا -----!!!!

زرتاج بیگم نے دل کا سارا غبار نکال دیا تھا ----

آپ اس کی فکر نا کریں افنان زیدی میرا تھا ، اور مرا رہے گا- ---

الماس حبیب جس چیز پر نظر رکھ لے اسے کسی اور کا ہونے نہیں دیتی ----

اور پھر افنان زیدی کوئی چیز نہیں ہے ---

میری محبّت ہے میری ضد ہے -----

https://www.classicurdumaterial.com/

وہ صرف مرا ہے میں اسے کسی اور کا ہونے نہیں دونگی ----!!!!

Support@classicurdumaterial.com

اس کا لہجہ تلخ ہوگیا تھا ---

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ایک لمحے کو زرتاج بیگم ڈر گئی تھی ----

کیا بکواس کر رہی ہو -- منگیتر نہیں ہے وہ اسکی جو یونہی رشتہ ٹوٹ جاے گا --- بیوی ہے وہ اسکی --- نکاح ہوگیا ہے دونوں کا ----


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

کچھ ہوش کے ناخن لو ---!!!! زرتاج بیگم نے اسے تنبیہہ کی تھی ----!!!!

تو کیا ہوا نکاح بھی تو ٹوٹ جاتا ہے نا ؟؟؟!!!!!

وہ مسکرائی تھی تلخی بھری مسکراہٹ ----!!!!!

یا اللہ کچھ ایسا ویسا مت کرنا خدا کے لئے ----!!!!

کچھ نہیں کرونگی میں ---- سب خود ہی ہوجاے گا ----!!!!

کہہ کر وہ رکی نہیں تھی ------

زرتاج بیگم سر تھام کر رہ گئی تھی ---!!!!!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

------------❤---------------❤---------------❤-----------

وہ کینٹین میں بیٹھی موبائل پر تصویریں دیکھ رہی تھی --- نظریں سکرین پر مرکوز تھی

-----


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

واہ یار سمی کتنی خوبصورت لگ رہی ہو -------

ویسے بھی میری جان ہے بہت پیاری --

اس نے اس کے لال گلابی گال چھوتے ہوے پیار سے کہا تھا ---!!!!

ویسے میں ناراض ہوں تم سے ---

تم نے مجھے اپنے نکاح پر نہیں بلایا -----

یار فریال کسی کو نہیں بلایا تھا --- بس گھر کے ہی لوگ تھے ----

سب جلدی میں ہوگیا -----

ورنہ ایسا ہوسکتا ہے کے میں تمھیں نا بلاتی -----!!!!

سمایا نے پیار سے کہا تھا ---

اچھا چل اب سیریس نا ہو ہم رخصتی پر آجائیں گے ---

دونوں ہی مسکرا دی تھی ----

اچھا چلو گھر چلتے ہیں اب کوئی کلاس نہیں ہے کیا فائدہ یہاں بیٹھنے کا ----

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

سمایا نے کھڑی ہوتے ہوئے کہا تھا ----

ہاں چلو ----

وہ چلتی ہوئی باہر آئی تھی ---

سمایا کی سامنے والے سے بری طرح ٹکر ہوئی تھی ----

اسکے ہاتھ سے بے ساختہ کتابیں گری تھی ---!!!!

اسنے سامنے دیکھا تو افنان کھڑا مسکرا رہا تھا ---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"ٹکرا گئی وہ مجھ سے کتابیں لئے ہوئے

پھر مرا دل ، اور اسکی کتابیں بکھر گئی"

اسکے اس شاعرانہ انداز پر وہ دونوں ہی ہنس دی تھی ----

تم یہاں کیا کر رہے ہو ---؟؟؟؟؟


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

سمایا نے سوال کیا تھا ----!!!!

بس آپ کے دیدار کو یہاں تک آگئے --

افنان نے دیوانگی کی حد پار کردی تھی ---

بتاؤ؟؟ کیا کر رہے ہو یہاں --؟؟؟؟

ارے تمھیں لینے آیا ہوں ---

اور کیا لڑکیاں پھسانے آیا ہوں ----

اس نے منہ بسور کر جواب دیا تھا -----!!!!!!!!

ارے تمھیں لینے آیا ہوں --

اور کیا لڑکیاں پھسانے آیا ہوں --!!!

اس نے منہ بسور کر جواب دیا ----

سمایا کھلکھلا کر ہنسی تھی ----------

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

ویسے آپ اتنے رومانٹک ہیں یا مری دوست کو بیوقوف بنا رہیں ہیں ---؟؟؟؟ فریال نے شرارت سے سوال کیا تھا----

ہئے ہم کیا انہیں بیوقوف بنائے گے --- ہم تو خود ہی ہوش کھو بیٹھے ہیں --!!!

اچھا اب چلیں --- اسنے مسکرا کر کہا تھا ---

وہ فریال کو خدا حافظ کہتی گاڑی میں آکر بیٹھی تھی --!!!

کیا دیکھ رہے ہو اس طرح سامنے دیکھ کر گاڑی چلاؤ ---!!! افنان کی نظریں اسے پریشان کر رہی تھی - تانگ آکر اس نے کہہ ہی دیا تھا ---!!!

https://www.classicurdumaterial.com/

ایسا کیسے ہوسکتا ہے کے مری جان مرے پاس ہو اور میں اسے نا دیکھو.......

Support@classicurdumaterial.com

افنان پیار لٹاتی نظروں سے اسے اپنے حصار میں لئے ہوئے تھا-----

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

پتا ہے تمہاری ایسی باتیں مجھے irritate کرتی ہیں ---- سمایا نے خفگی سے کہا تھا ---!!!!

اچھا !! ایک بات بتاؤ تم نے مجھ سے نکاح کیوں کیا ہے ؟؟؟

افنان نے سوال داغا تھا ؟


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

مما اور بابا کے کہنے پر وہ دونوں اس رشتے سے خوش تھے اس لئے ---!!!

اس نے خاصی لاپرواہی سے کہا تھا ----!!

اور تم ؟؟؟ تم خوش نہیں تھی ؟؟؟؟ افنان کا لہجہ ایکدم سنجیدہ ہوگیا تھا --!!!

ہاں میں بھی خوش ہوں --- اس کا عام سا لہجہ افنان کو برا لگا تھا --!!!

میں تم سے اتنی محبّت کرتا ہوں -- کیا تمہارے دل میں میرے لئے کوئی جذبہ نہیں ہے ؟؟؟

اس نے گاڑی ہی روک دی تھی ---!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ارے ارے کیا ہوا گاڑی کیوں روک دی ؟؟؟ سمایا پریشانی کے عالَم میں اس کے سنجیدہ چہرے کو تک رہی تھی ---!!

میری بات کا جواب دو --!!! افنان کے لہجے میں سختی تھی ---!!!

دیکھو اتنے غصّے سے بات نا کرو ہاں مانا کے میں تم سے محبّت نہیں کرتی تھی -- مگر اب تم میرے شوہر ہو ہوجائےگی محبّت --- لیکن اتنے غصے سے گھورو گے تو کیا خاک ہوگی محبت ----!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

سمایا کی جھیل جیسی آنکھوں میں بلا کی معصومیت تھی ---!!!

افنان کو اس کے اس انداز پر ہنسی آئی تھی ---

اچھا اب چلو بھی کب تک کھڑے رہوگے یہاں ---

جو حکم اپکا --- افنان نے گاڑی دوڑا دی تھی

----------❤------------❤---------------❤---------------

----

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کہاں جا رہی ہو --؟؟؟؟ زرتاج بیگم نے اسے اتنا تیار ہوئے باہر جاتے دیکھ کر پوچھا تھا

---

بلیک جینز اور لائٹ پنک شرٹ پہنے گلے میں ڈوپٹے کے نام پر مفلر لپیٹے لائٹ سے میک اپ میں وہ دلکش لگ رہی تھی ---!!!!

ایک دوست کی برتھڈے پارٹی ہے ---!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

اب جاؤں ؟؟؟ الماس نے بیزاریت سے کہا تھا ---!!

کون سی دوست ہے یہ ذرا مجھے بھی تو پتا چلے --

زرتاج بیگم نے تفشیشی نگاہوں سے گھورا تھا --

افففف فور گاڈ سیک ممی اتنے سوال نا پوچھا کرے --- چلتی ہوں -- دیر ہوجائے گی آنے میں ---

بیزاریت سے جواب دیتی وہ واک آوٹ کر گئی تھی ---!!!

زرتاج بیگم ایک گہری سانس لے کر رہ گئی تھی --!!

وہ جانتی تھی کے الماس بہت بدتمیز اور خودسر ہوگئی ہے ---

ان کے بے جا لاڈ پیار نے اسے بگاڑ دیا تھا ---

اب وہ اسکے لئے خاصی فکر مند تھی ----

---------♥-----------♥------------♥---------

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

لاؤ سمی کیز مجھے دو میں کروں گی ڈرائیو ---!!!

انابیہ اس کے ہاتھ سے کیز لیتی ہوئی بولی تھی ---

اور سمایا چونکی تھی --

کوئی ضرورت نہیں ہٹو میں کرونگی ڈرائیو ---

تم اتنی خطرناک ڈرائیو کرتی ہو --- بابا کو پتا چلا تو غصّہ کریں گے -- سمایا نے اسے خشمگیں نگاہوں سے گھورا تھا ----!!!

وہ دونوں شاپنگ مال کے باہر کھڑی بحث کر رہی تھی ---

نہیں --- انہیں پتا چلے گا تو کریں گے نا غصہ -- انابیہ لاپرواہی سے بولی تھی ---

اور جا کر فرنٹ سیٹ پر بیٹھ گئی تھی --

سمایا بھی اس کے ساتھ ہی بیٹھ گئی تھی --

جانتی تھی بحث کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے --!!!

دیکھو آرام سے چلانا خدا کے لئے ---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

ڈونٹ وری --- چل کرو یار ---

انابیہ نے شرارت سے کہا تھا ----!!!!

انابیہ ریش ڈرائیونگ کر رہی تھی کے گاڑی اچانک ساتھ والی کار سے ہٹ ہوئی تھی ---

دونوں گاڑیاں ایک ساتھ کی تھی --- انابیہ نکل کر باہر آئی تھی ---

اوہ ہیلو مسٹر باہر آؤ ---

اس نے گاڑی کا شیشہ بجاتے ہوے کہا تھا ---

سمایا بھی گھبرا کر باہر آئی تھی --- انابیہ یہ کیا کر رہی ہو چلو ---!!!

ایک منٹ رکو ذرا -- اسنے سمایا پر انگلی اٹھا کر کہا تھا ----

اتنے میں بلیک پراڈو میں سے ایک خوبرو نوجوان باہر آیا تھا ---

بلیک جینس پر وائٹ ٹی شرٹ پہنے آنکھوں میں بلیک گاگلز لگاے --- پر کشش لگ رہا تھا ---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

ماتھے پے آئے بالوں کو پیچھے کرتے اس نے گاگلز اتارے تھے ۔۔۔ آنکھوں میں شرارتی چمک نمایا تھی ۔۔۔!!!

یہ آپ نے کیا کیا ہے اگر گاڑی چلانی نہیں آتی تو لے کر کیوں نکلتے ہیں ؟؟؟؟

انابیہ اس پر برس پڑی تھی ۔ ۔ ۔

مس آپ کی بھی غلطی تھی ۔۔ اس نے خاصا شرافت سے کہا تھا ۔۔۔۔

واہ کیا کہنے آپ کے ایک تو گاڑی ماردی ۔۔ نقصان کردیا ۔۔۔ اور اپر سے کہہ رہیں ہیں کے آپ کی غلطی تھی ۔ ۔۔۔!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

سمایا پریشانی کے عالم میں کھڑی سب دیکھ رہی تھی ۔۔ انابیہ پلیز چلو کیوں لڑ رہی ہو۔۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تم ایک منٹ چپ کرو۔۔۔!!! انابیہ نے اسے خاموش رہنے کو کہا تھا ۔۔۔

اوہ مسٹر یہ جو نقصان کیا ہے اس کی بھرپائی کون کریگا ۔۔۔!!!

اتنے میں گاڑی میں سے ایک اور نوجوان باہر آیا تھا ۔۔۔

بلو کوٹ پینٹ پہنے کسی ریاست کا شہزادہ لگ رہا تھا ۔۔۔


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

چہرے پر بلا کی سنجیدگی تھی ---

کیا ہوا ہے شاہ ؟؟؟؟؟

اس نے سوال کیا تھا -----

شاہ کے کچھ بولنے سے پہلے ہی انابیہ بول پڑی تھی ---

واہ بھئی کیا کہنے آپ کے سب دیکھ رہا ہے پھر پوچھ رہیں ہیں کیا ہوا ہے ---

انابیہ پلیز چلو نا --- خدا کے لئے یار چلو پلیز ----

سمایا نے گھبرا کر کہا تھا ----

نہیں --- نہیں جاؤنگی یہ نقصان کون بھرے گا ---

چلو نا انابیہ ہم خود ٹھیک کرا لیں گے -- سمایا بہت معصوم بچوں کی طرح ریکویسٹ کر رہی تھی ---

اس نے نظر اٹھا کر اسے دیکھا تھا -- اس کے چہرے پر گھبراہٹ نمایا تھی --- نا جانے کیا کشش تھی وہ مبہوت ہوئے اسے دیکھ رہا تھا ---!!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

کیوں ہم کیوں کرا لینگے ---

دیکھے مس انابیہ آپ کی بھی تو غلطی تھی ---

کیا ؟؟ کیا کہا تمھاری ہمّت کیسے ہوئی میرا نام لینے کی --!!! انابیہ اسے غصے سے گھور رہی تھی ----

دیکھیں آپ کی سسٹر ٹھیک کہہ رہی ہیں آپ ان کی بات مان لیں --- اسنے مسکراہٹ دباتے ہوئے کہا تھا ----

واٹ ؟؟؟؟؟ انابیہ اسے کھا جانے والی نظروں سے گھور رہی تھی ----

https://www.classicurdumaterial.com/

اب آپ پوچھے گی کے آپ کو کیسے پتا کے یہ مری سسٹر ہے ؟ تو میں آپ کو بتا دوں --

Support@classicurdumaterial.com

کہ یہ تو آپ پوچھے ہی مت --- مجھے تو یہ بھی پتا ہے کے یہ بڑی ہیں اور آپ چھوٹی ---

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ایم آئی رائٹ ؟ ؟؟؟

چہرے پر مصنوئی سنجیدگی لاتے شاہ نے سوال کیا تھا ---!!!!

اور پتا ہے مجھے کیسے پتا ؟؟؟

کیوں کے بڑی بہنے ایسی ہی ہوتی ہے معصوم اور سنجیدہ ---


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

اور چھوٹی آپ جیسی ہوتی ہے بم کہ گولہ اور فسادن .----!!!

اسنے مسکراہٹ چھپاتے ہوئے کہا تھا ---!!!

بکواس بند کرو اپنی -- انابیہ غصے میں چیخی تھی ---!!!

سمایا اور ڈر گئی تھی ---

وہ جو خاموش کھڑا اس پری پیکر کو دیکھ رہا تھا ۔

فورا آگے آیا تھا ---

بس کردو -- شاہ ہٹو تم ---

یہ لیں مس یہ مرا کارڈ ہے آپ گاڑی ٹھیک کروا لینا --

میں پے منٹ کردو گا --- یہ لیں مرا n.i.c بھی رکھ لیں ---

اب پلیز ہمیں جانے دیں آلریڈی لیٹ ہوگیا ہے ---

انابیہ نے فورا اس کے ہاتھ سے کارڈز لئے تھے ---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

سمایا جو یہ ساری کاروائی دیکھ رہی تھی آگے آئی تھی --

انابیہ واپس کرو فورا .

ہم خود ہی ٹھیک کر والے گے ---

کیوں واپس کروں -- حرام کے پیسے ہیں کیا ؟؟ جنہوں نے نقصان کیا ہے وہی ٹھیک کرائینگے --

چلو آجاؤ ------ وہ گاڑی کی طرف بڑھ گئی تھی ----

آئم سوری --- وہ ایسی ہی ہے -- آئم ایکسٹریملی سوری ---- میں آپکا n.i.c واپس کردو گی -

سمایا کا لہجہ نرم تھا ---

وہ تو اسکی آواز میں کہیں کھو سا گیا تھا ----

نو اٹس اوکے -- غلطی ہماری بھی تھی --

ہم پے منٹ کر دے گے ---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

جائیں ورنہ وہ پھر باہر آجائیگی۔---

شاہ نے شرارت سے کہا تھا---

سمایا چل کر گاڑی کے پاس آئی تھی ---

اترو فورا ادھر جاکر بیٹھو میں کرونگی ڈرائیو---

سمایا غصے میں آگئی تھی --- وہ فورا باہر آئی تھی ----

وہ اب بھی اس کے حسن میں کھویا ہوا تھا--- اس کی ہر ادا ہی کمال تھی --

معصومیت ، گھبراہٹ اور اب غصّہ ---!!!

گاڑی انھیں دور جاتی نظر آرہی تھی ----

وہ مسکرا رہا تھا---دلکش مسکراہٹ --!!!!

کیا ہوا ہے بھائی آپ کیوں مسکرا رہیں ہیں ---

شاہ اسے مسلسل سمایا کو دیکھتے نوٹ کر رہا تھا --

اس لئے اسنے شرارت سے سوال کیا تھا---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

وہ فورا ہوش میں آیا تھا ---

ہاں !! کچھ نہیں چلو ---- پہلے ہی لیٹ ہوگیا ہے ---

وہ دونوں بھی اپنی منزل کی جانب چل دئے تھے ---!!!!!

---------♥---------♥---------♥---------

ہیلو بے بی ---!!! آج بہت دنوں بعد آئی ہو ؟؟؟

وہ چلتا ہوا اسکے پاس آیا تھا ---

براؤن شرٹ اور ریڈ کلر کی پینٹ میں بالوں میں بینڈ لگائے عجیب سے حلیے میں تھا ---
گلے میں بہت سری چین پھنی ہوئی تھی ---

وہ اسے دیکھ کر مسکرائی تھی ---

ہاں تم سے ہی ملنا تھا --

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

زہے نصیب --- اس کا بے تکا سا قہقہہ گونجا تھا ---

ایک کام کروانا ہے کروگے ---

آپ حکم کریں --- بندہ حاضر ہے ---

وہ مسکرائی تھی ---

مگر تمھیں اپنا حلیہ بدلنا پڑیگا ---

حلیے کا کیا ہے وہ تو بدل لینگے --- آپ کے لئے تو جان بھی حاضر ہے ---!!؟

آپ کام بولیں -- بلکہ حکم کریں ---

ویری گڈ ---

اس نے سراھنے والے انداز میں اسکا کندھا تھپکا تھا ---

دونوں ہی مسکرا دئے تھے ---!!!!

---------♥----------♥---------♥----------


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

انکی گاڑی آکر پورچ میں رکی تھی ----

سلیم چاچا حاضر ہوئے تھے ---

السلام علیکم -- چاچا کیسے ہیں ؟؟؟

وہ سلام کرتا ہوا ان سے بغل گیر ہوا تھا ---

وعلیکم السلام --- میں ٹھیک ہوں بیٹا جی ---

بڑے دنوں بعد آئے ہو --؟؟؟

انھوں نے پیار سے کہا تھا ----

جی چاچا بس آگیا --- اب نہیں جاؤنگا ---!!!

اسنے مسکرا کر جواب دیا تھا --

واہ چاچا واہ ان پر بڑا پیار آرہا ہے -- اور ہمیں کوئی لفٹ ہی نہیں ----

شاہ نے منہ بسور کر کہا تھا ---!!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

سلیم چاچا انکے پرانے ملازم تھے ---

شاہ ان سے بہت باتیں کرتا تھا-------!!!.

اچھا اب ڈرامے بند کرو چلو اندر --!!!! اس نے مصنوئی غصے سے ڈپٹا تھا---!!!

جی بیٹا جی آپ لوگ اندر چلیں میں سامان لیکر اتا ہوں ---!!!

جی چاچا ٹھیک ہے ---

وہ دنوں اندر کی طرف بڑھ گئے تھے ---!!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

---------♥---------♥---------♥---------

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کیا ضرورت تھی تمھیں اتنا تماشا لگانے کی ----

ہم خود ہی ٹھیک کرا لیتے نا ---!!!

سمایا اسے غصّے میں دانٹ رہی تھی ---


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

کیوں ؟؟ کیوں نا لگاتی تماشا ---

تمھیں اندازہ ہے اگر مما بابا کو پتا چلا تو وہ کتنے خفا ہونگے ---!!!

اب کیا کر رہی کارڈز کے ساتھ ---

سمایا نے آنکھیں پٹپٹا کر پوچھا تھا ---!!!

اورنگزیب علی خان نام تو بڑا رعب والا ہے ---!!!

انابیہ نے سمایا کو ہنسانے کی کوشش کی تھی جو اس ناراض بیٹھی تھی ---!!!

ویسے یہ بندہ ٹھیک بھی تھا --- وہ نمونہ سہی نہیں تھا -- دیکھا تھا کیسے بکواس کر رہا تھا

----

انابیہ کے منہ بسور کے کہنے پر اسے ہنسی آگئی تھی ----

دونوں ہی ہنس دی تھی ----

------------♥------------♥------------♥------------

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

وہ عالیہ بیگم کی گود میں سر رکھے آنکھیں موندے لیٹا تھا۔۔۔ ہونٹوں پے مسکراہٹ واضح تھی۔۔۔!!!

عالیہ بیگم نے اسے مخاطب کیا تھا۔۔

زیب کیا بات ہے بیٹا جب سے آئے ہو مسکرا رہے ہو۔۔۔!!

کوئی خاص بات ہے کیا؟؟؟؟

جی ماما خاص بات تو ہے۔۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اسکی جگہ شاہ نے مسکراہٹ دباتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

وہ گڑبڑا کر اٹھا تھا۔۔۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کوئی بات نہیں کیا بات ہے؟؟ اب مسکرانے پر بھی پابندی ہے کیا؟؟؟

اس نے چڑ کر سوال کیا تھا!!!!!!

وہ ماما مجھے نا ایک غزل یاد آئی ہے سنئے گا۔۔۔!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

عرض کیا ہے --- اسنے گلا کھنکھارا تھا ---

"تیرے عشق نے بخشی ہے یہ سوغات مسلسل

ٹھیک ہے پھر شام میں میرے ساتھ چلنا ، اسے دیکھ بھی لینا اور تمہارا بھی چیک اپ کرا لیں گے ، وہ ڈریسنگ کے پاس آتا گھڑی پہنتا بولا تھا۔۔۔!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

کیوں مجھے کیا ہوا ہے ؟؟

چیک اپ کے بعد ہی پتا چلے گا کیا ہوا ہے ،

میں نے کوئی چیک اپ نہیں کرانا میں بلکل ٹھیک ہوں ، نہیں جانا میں نے ہوسپٹل --

میں نے نہیں جانا میں بلکل ٹھیک ہوں ، مجھے کچھ نہیں ہوا ہے ،

کیوں نہیں جانا ، چلو شرافت سے ہوسپٹل ایک بار چیک اپ کرا لو تسلی ہوجائے گی ،

مجھے کچھ نہیں ہوا کس بات کی تسلی چاہیے پھر ،

ایک بار چل لو میرے ساتھ تمہیں کیا مسلہ ہے ،

میں نے نہیں جانا افنان مجھے کچھ نہیں ہوا ہے ، اور اگر ہوا بھی ہے تو آپ کو کوئی فرق نہیں پڑنا چاہیے ، آپ کو کیوں میری اتنی فکر ہورہی ہے اچانک سے ، وہ بھی غصے سے بولی تھی---!

تو کیا وہ یہ سب پہلے سے جانتی تھی ، آخر کیوں نہیں جانا چاہتی تھی وہ ہوسپٹل ، لیکن اگر جانتی تھی تو ہم سے چھپایا کیوں ، وہ پریشان سا بیٹھا گتھیاں سلجھا رہا تھا----


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

مسٹر افنان ، آپ کی مسز کو تین سال پہلے سے ہی پتا تھا کہ وہ اس جان لیوا بیماری میں مبتلا ہے ، بہت حیرت کی بات ہے کہ آپ لوگوں کو علم ہی نہیں ہے اس چیز کا ، اب انھوں نے آپ کو کیوں نہیں بتایا کیوں لا علم رکھا ، اس بارے میں تو میں کچھ نہیں کہہ سکتی ، لیکن وہ یہ بات جانتی ہیں ، آج سے تین سال پہلے اسلام آباد میں ڈاکٹر نازنین نے مجھے ان سے ملوایا تھا اور میں انھیں کلیئرلی بتا چکی تھی کہ انھیں ٹریٹمنٹ کی ضرورت ہے ورنہ انکی جان کو خطرہ ہو سکتا ہے ، ڈاکٹر صباحت خاصی تفصیل سے بولی تھی ، انکی باتیں سن کر سمایا اور سعدیہ بیگم بھی شاکڈ تھی---

دیکھیں ان کی حالت ٹھیک نہیں ہے ، جس اسٹیج پر وہ ہیں ان کا علاج اب ممکن نہیں ، اب بس دعا ہی کی جا سکتی ہے ، وہ پروفیشنل انداز میں کہہ رہی تھی----

افنان نے کرب سے انکی جانب دیکھا تھا گلے میں ایک گلٹی ڈوب کے ابھری تھی ، پر کوئی تو علاج ہوگا نہ ، پاکستان میں نہیں تو پاکستان سے باہر ، میں اسے باہر لے جاؤں گا ، کتنی بے بسی تھی اسکے لہجے میں آج وہ بہت بے بس ہوگیا تھا ، اتنی تکلیف تو کبھی نہیں ہوئی تھی----

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

کوئی فائدہ نہیں ہے ، اگر آپ اپنی تسلی کے لئے لے جانا چاہیں تو ایزیو وش ، میں آپ کو ہرِ گز نہیں روکوں گی ، لیکن کوئی فائدہ نہیں ہے ، یوں سمجھ لیں اس بیماری کا علاج ممکن نہیں اور پھر وہ لاسٹ اسٹیج پر ہیں کسی بھی وقت ٹیومر پھٹ سکتا ہے ، اگر شروع میں ہی ٹریٹمنٹ ہوتی تو کچھ ہو بھی سکتا تھا لیکن اب یہ ممکن نہیں ، بس انہیں دعا کی ضرورت ہے ، خدا اگر چاہے تو کچھ بھی ہوسکتا ہے ، حوصلہ رکھیں آپ لوگ ، ابھی وہ نیند میں ہیں آپ لوگ چاہیں تو ان سے مل سکتے ہیں ، بس خیال رہے کہ کوئی ٹینشن نہ دے انہیں ، وہ مسکراتی ہوئی آگے کی جانب بڑھ گئی تھی ،

https://www.classicurdumaterial.com/

یہ کیا کر دیا الماس تم نے ، کیوں اتنی بڑی بات چھپائی ، وہ سر پکڑے وہیں چیئر پر بیٹھ گیا تھا----!!!

Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

خالہ مما کا فون آیا ہے ، افرا بہت پریشان ہو رہی ہے آپ گھر چلی جائیں ، تبھی انابیہ وہاں آئی تھی----

ہاں بیٹا بس جاتی ہوں میں ، افنان پریشان نہ ہو اللہ بہتر کرے گا ان شاء اللہ وہ انابیہ کو کہتی افنان کی جانب مڑی تھی ، جو پریشان سا وہاں بیٹھا تھا-----!!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

---

آ میری مرگ پہ ماتم کی اجازت ہے تجھے

زندہ لاشوں کا بھی ارمان کیا جاتا ہے

مدتوں ان کے خسارے ہی نہیں جاتے ہیں

اپنے ہاتھوں سے جو نقصان کیا جاتا ہے

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میرے اندر جو مری میں ، تو بتانے دو نہ

مرنے والوں کا تو اعلان کیا جاتا ہے


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

وہ آہستہ قدموں سے چلتی اندر داخل ہوئی تھی ،سامنے ہی وہ لیٹی نظر آئی تھی ہلکے بلو کلر کا ہوسپٹل گاؤن پہنے وہ بہت کمزور لگ رہی تھی آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے پڑے تھے ، دمکتا گندمی رنگ ماند پڑ گیا تھا ،خشک پیلے ہونٹوں پر پپڑی سی جمی تھی ، دونوں آنکھیں کھولے نہ جانے چھت پر وہ کیا گھور رہی تھی ، اسے اس حال میں دیکھ کر سمایا کا دل بری طرح کانپ گیا تھا۔۔۔

وہ چل کر اس کے پاس آکر رکی تھی ، اسے اپنے قریب آہٹ سنائی دی تھی ، اس نے نظریں گھما کر دیکھا تو اسے سمایا کھڑی نظر آئی تھی ، ہونٹوں پر مسکراہٹ پھیل گئی تھی ،

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ال الماس یہ کیا کر لیا تم نے ، کہتے کہتے اسکی آواز رندھ گئی تھی ، تبھی کچھ دوائیں ہاتھ میں لئے افنان اندر آیا تھا ، مگر اسکا بیڈ بہت دور تھا ان دونوں کو اسکا آنا محسوس نہیں ہوا تھا ، افنان کو اسے یوں دیکھ کر تکلیف ہوئی تھی۔۔۔

کیا کیا ہے میں نے ؟ وہ سمایا کی جانب دیکھ کر بولی تھی ۔


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

کیوں تم نے کسی کو نہیں بتایا ، اتنی بڑی بیماری سے اکیلے لڑتی رہی ، تمہیں ٹریٹمنٹ کی ضرورت تھی ، پر تم نے خود کو اس حال تک پہنچا لیا ، کیوں الماس ؟ آخر کیا ملا یہ کر کے؟

اگر بتا دیتی تو کیا ہوتا ، قسم کھا کر کہتی ہوں کسی کو کوئی فرق نہ پڑتا یہ جو درد ، جو اذیت میں سہہ رہی ہوں نہ اسے کوئی محسوس نہیں کر سکتا ، میرا وجود چھلنی ہوگیا ہے ، میرا جسم ٹوٹنے لگا ہے ، میری تکلیف کا مداوا صرف موت کر سکتی ہے ، صرف موت ، بہت تکلیفیں سہہ لی یار اب بس سکون چاہتی ہوں ان اذیتوں سے نجات چاہتی ہوں ، بس مر جانا چاہتی ہوں ، وہ مسکرائی تھی ، آنکھوں سے آنسوں بہتے کنپٹی میں جذب ہونے لگے تھے---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

پاگل ہو تم کیا فضول بولے جا رہی ہو ، یہی تو میں کہہ رہی اتنی تکلیف کیوں سہتی رہی کیوں کچھ نہیں بتایا ، سمایا کو اسکی باتیں عجیب لگی تھی ، تبھی تھوڑا سخت لہجے میں بولی تھی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

کہہ تو رہی ہوں مرنا چاہتی تھی ، بہت دعائیں کی تھی کہ خدا مجھے موت دے دے ، اورپتا ہے میری زندگی کی واحد دعا ہے یہ جو اللہ نے سن لی ، شاید اسے بھی مجھ پر رحم آگیا ہوگا ،

افنان دروازے سے لگا اسکی باتیں سن رہا تھا ، نہ جانے کیوں اتنی عجیب باتیں کر رہی تھی وہ۔

خود کے لئے موت کون مانگتا ہے ، کیوں مرنا چاہتی ہو تم پاگل تو نہیں ہوگئی ، سمایا غصے سے بولی تھی۔۔۔

پتا ہے سمایا جب انسان کے پاس کچھ نہ ہو نہ تو وہ صبر کر لیتا ہے ، مگر جس کے پاس سب کچھ ہوکر بھی کچھ نہ ہو وہ ٹوٹ جاتا ہے ، چلتی پھرتی زندہ لاش ، جن کو کوئی آخری بار دیکھنا بھی گوارا نہیں کرتا ، جس کی زندگی میں کچھ نہیں ہوتا اسے موت چاہیے ہوتی ہے ، پتا ہے میری زندگی میں کچھ نہیں ہے میں بہت اکیلی ہوں ، اور اس اکیلے پن نے مجھے پتھر کر دیا ہے ، دیکھو ٹوٹ گئی ہوں پتھر تو ٹوٹ جاتے ہیں نہ دیکھو مجھے ، میرا وجود کرچی کرچی ہوگیا ہے ، اسکی باتیں سمایا کو تکلیف دے رہی تھی۔۔۔!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

افنان کی برداشت ختم ہوئی تو وہ اندر آیا تھا ، اسے آتا دیکھ وہ خاموش ہوگئی تھی---

افرا ، لیکن اچانک اسے افرا یاد آئی تھی ، افنان کو دیکھتی تڑپ کر افرا کے بارے میں پوچھا گیا تھا---

گھر ہے وہ امی کے پاس ، وہ اسکے بکھرے ہوئے وجود پر نظر ڈالتا بولا تھا---

سمایا باہر جا چکی تھی---

کیوں تم نے اتنی بڑی بات چھپائی ، میں پاگلوں کی طرح کہتا رہا کہ میرے ساتھ ہوسپٹل چل لو ، مگر تم نے میری ایک نہ سنی ، کیوں کیا تم نے ایسا جواب دو مجھے ، وہ اس کے سر پر کھڑا استفسار کر رہا تھا---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

کیا فائدہ ہوتا بتانے کا مرنا تو لاسٹ میں تھا ہی ، اب پتا چلا ہے یا پہلے پتا چلتا کیا فرق پڑتا ہے----

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کیا فرق پڑتا ہے ، یہ تم کیسے کہہ سکتی ہو کہ کوئی فرق نہیں پڑتا تمہارا پراپر ٹریٹمنٹ ہوتا تو آج تم اس حال میں نہ ہوتی ، کیوں تم اپنی زندگی کی دشمن بنی رہی ، آخر کیوں ، وہ بے بسی سے بولا تھا---


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

سب کی زندگیوں کا اتنا نقصان کیا ہے میں نے ، سوچا تھوڑا اپنا بھی کر لیتے ہیں ، وہ مسکرائی تھی۔۔۔

پتا ہے میں مر جاؤں گی تو سب ٹھیک ہو جائے گا، مجھے بھی سکون آجائے گا، آپ کو بتا دیتی تو کیا ہو جاتا، آپ کو مجھ سے ہمدردی ہوجاتی ، مجھے ہمدردی نہیں چاہیے ، مجھے آپ کی محبّت چاہیے تھی ، اور محبت کے میں قابل نہیں ہوں ، یاد ہے آپ نے کہا تھا کہ میرے مر جانے یا زندہ رہنے سے آپ کو کوئی فرق نہیں پڑتا ، اس دن میں نے خدا سے دعا کی تھی کہ مجھے موت دے دے ، بہت شدت سے دعا مانگی تھی ، دیکھیں نہ جلد ہی قبول ہوگئی ، کہتے کہتے اسکی آنکھوں میں آنسوں چمکنے لگے تھے۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

سزا دے رہی ہو نہ مجھے ، لہجے میں تکلیف ہی تکلیف تھی۔۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

نہیں ، جس سے محبت ہوتی ہے اسے سزا نہیں دی جاتی ، یہ تو ہونا ہی تھا ، جو تقدیر میں لکھا ہو وہ تو ہو کر ہی رہتا ہے ، آج لگ رہا ہے خدا مجھ سے پیار کرتا ہے ، ایسا لگ رہا ہے وہ مجھے معاف کر دے گا ،پتا ہے کبھی بھی زندگی میں میں نے دعا نہیں مانگی تھی جو چاہا تھا وہ پا لیا تھا ، بس دو بار خدا سے دعا کی تھی ایک بار آپ کو


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

مانگا تھا اور ایک بار موت ، آپ نہیں ملیں ، لیکن موت آنے والی ہے ، بس تھوڑا سا انتظار ، میں اب مر جانا چاہتی ہوں ، بہت مشکل ہے یہ زندگی ، نہیں جی جاتی ، آنکھوں سے آنسوں بہتے تکیہ بھگو رہے تھے ،

بس کر دو الماس چپ ہو جاؤ ، کچھ نہیں ہوگا تمہیں ، تم ایسے مجھے چھوڑ کر نہیں جا سکتی ، اور افرا اسے کون سنبھالے گا ، میں تمہیں امریکہ لے چلو گا ، وہاں تمہارا ٹریٹمنٹ ہوگا ، دیکھنا سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔

نہیں ، نہیں افنان میں کہیں نہیں جاؤں گی ، کوئی فائدہ نہیں ہے مجھے کہیں نہیں جانا ، وہ ضدی انداز میں بولی تھی۔۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/

وہ اسے بے بسی سے دیکھتا رہ گیا تھا۔۔

Support@classicurdumaterial.com

افنان ، اس نے اسکا ہاتھ پکڑ کر اسے پکارا تھا ، ہاں وہ اپنے آنسوں پیتا اسکی جانب متوجہ ہوا تھا۔۔۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مجھے معاف کر دیں ، اب تو کر دیں یار اب تو اتنے دن ہوگئے ، اتنے سالوں سے آپ کی نفرت سہتی آرہی ہوں اب تو معاف کر دیں ، غلطی ہوگئی تھی ، آپ کو بے پناہ چاہتی تھی آپ کی نفرت بہت مشکلوں سے سہی ہے میں نے اب تو مجھ پر


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

رحم کر دیں ، میں جانتی ہوں آپ مجھ سے محبت نہیں کرتے مجھے چاہیے بھی نہیں میں آپ کی محبت کے قابل نہیں ہوں جانتی ہوں وہ دو سال جو آپ کے ساتھ گزاریں تھے اس میں ہی اپنی پوری زندگی جی لی ہے میں نے ، مجھے اور کچھ نہیں چاہیے ، بس ایک بار کہہ دیں کہ نفرت بھی نہیں کرتے ، کتنا درد تھا اسکے انداز میں ، وہ مظبوط مرد آج رو دیا تھا ، اسکی آنکھوں سے آنسوں بہنے لگے تھے ، اس پر جھک کر اس کے ماتھے سے ماتھا ٹکائے وہ رو دیا تھا ، اسکی گرم سانسیں الماس کو اپنے چہرے کو جھلساتی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔

---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

گھرے سیاہ بادل آسمان پر پھیلے ہوئے تھے ، کراچی کا موسم خاصا سرد تھا ، سردی کی یخ بستہ شام تھی وقفے وقفے سے ہلکی بارش ہو رہی تھی ، پورے کراچی شہر کو ٹھنڈ نے اپنی لپیٹ میں لیا ہوا تھا ، ایسے میں وہ ٹیرس پر بیٹھی نہ جانے کس سوچ میں گم تھی ، تبھی وہ زینے چڑھتا وہاں آیا تھا ،

تم یہاں کیوں بیٹھی ہو موسم دیکھو کتنی ٹھنڈ ہے بیمار ہو جاؤ گی چلو نیچے ، اورنگزیب اسکو دیکھتا سخت لہجے میں بولا تھا۔۔۔


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

زیب وہ مر جائے گی ، میں نے ایسا کبھی نہیں چاہا تھا ، میں نے اسے کبھی بد دعا نہیں دی آپ تو جانتے ہیں نہ ، وہ رو رہی تھی---

سمایا میری جان ، کیوں پریشان ہو رہی ہو ، چلو اٹھو اس طرح نہیں رو یار دعا کرو اس کے لئے اس طرح کرنے سے کیا ہوگا ، اسکی تکلیف تو کم نہیں ہوگی ، اور یہ تم سے کس نے کہا کہ تم نے اسے بد دعا دی ہے ، موت کو کیا کسی کی بد دعا کا انتظار ہوتا ہے ، مرنا تو سب نے ہی ہے ، چلو اٹھو نیچے چلو میرے ساتھ چلو شاباش اٹھ جاؤ---

زیب افنان نے اس کا بھی خیال نہیں رکھا پتا ہے وہ اس بہت پیار کرتی ہے مگر وہ ایسی افنان کی وجہ سے ہوئی ہے ، وہ بہت عجیب باتیں کرتی ہے ،

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

سمایا میں کہہ رہا ہوں نیچے چلو ، آجاؤ اٹھو نیچے چل کر بات کرتے ہیں چلو آجاؤ شاباش ، وہ اسکا ہاتھ پکڑے اسے نیچے لے آیا تھا ، بیٹھو ادھر کیوں اتنی پریشان ہو رہی ہو ، میری سمایا اتنی کمزور نہیں ہے جو ذرا ذرا سی باتوں پر اتنا رونے لگ جاؤ ، چلو بس اب نہیں رونا ، وہ اسکے آنسوں صاف کرتا پیار سے بولا تھا ، وہ اسکے سینے سے لگی آنکھیں موند گئی تھی---


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

---

وہ بیڈ پر لیٹی کمرے کو دیکھ رہی تھی یہ وہی کمرہ تھا جہاں وہ رخصت ہو کر آئی تھی ، کتنی خوبصورت یادیں جڑی تھی اس کمرے سے ، سامنے دیوار پر اسکی اور افنان کی شادی کی تصویر لگی تھی ، کتنی مکمل تھی وہ تصویر ، پھر اچانک سب کتنا بدل گیا تھا ، کتنے خوبصورت سال گزاریں تھے افنان کے ساتھ پھر اچانک خوشیاں روٹھ گئی تھی ،ایک ہفتہ ہوسپٹل میں رہنے کے بعد وہ ضد کر کے ہوسپٹل سے گھر آگئی تھی ، ڈاکٹرز مکمل طور پر جواب دے چکے تھے ، بڑے بڑے نیوروسرجن کو افنان رپورٹس ای میل کر چکا تھا، مگر کسی کی بھی جانب سے کوئی امید نہیں دلائی گئی تھی ، مسجد میں اذان مغرب کی صدائیں بلند ہوئی تھی ، پر وہ اٹھ نہیں پا رہی تھی ، وہ نماز پڑھنا چاہتی تھی پر پڑھ نہیں پا رہی تھی ، آنکھوں سے آنسوں بہہ رہے تھے ، افنان وضو کرتا واشروم سے باہر آیا تھا ، بیڈ پر وہ آنکھیں موندے لیٹی تھی ، آنسوں بہتے رخسار بھگو رہیں تھے ، الماس کیوں رو رہی ہو ، وہ اسکے پاس بیٹھتا بولا تھا۔۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

مجھے بھی نماز پڑھنی ہے ، وہ آنسوں صاف کرتی کرب سے بولی تھی۔۔۔

تو اس میں رونے کی کیا بات ہے چلو آجاؤ میں وضو کروا دوں ، چیئر پر پڑھ لینا ،

افنان نے آہستہ سے اسے اٹھایا تھا ، وہ بہت کمزور ہوگئی تھی ، اسے وضو کروا کر وہ چیئر پر بٹھا چکا تھا ، اس نے نیت باندھ کر نماز شروع کی تھی ، جماعت نکل جانے کے باعث وہ خود بھی وہاں ہی جائے نماز بچھا کر نماز پڑھنے لگا تھا ، نماز پڑھ کر وہ اٹھا تھا ، الماس سجدے میں جھکی رو رہی تھی ، کافی دیر بعد وہ دعا مانگتی نماز پڑھ چکی تھی ، افنان اسے اٹھا کر بیڈ پر لے آیا تھا ، کچھ کھاؤ گی ؟ اسکے آنسوں صاف کرتا سوال کر رہا تھا۔۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/

نہیں دل نہیں چاہ رہا ، افنان ، کھانے کو انکار کرتی وہ افنان کو پکار بیٹھی تھی۔۔۔

Support@classicurdumaterial.com

افنان میری افرا کا خیال رکھنا وہ آپ سے بہت پیار کرتی ہے وہ میرے بغیر رہ لے گی ، وہ اسے دیکھ کر بولی تھی۔۔۔۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ایسی باتیں مت کرو الماس ، کتنی بڑی سزا دی ہے تم نے مجھے میں کچھ کر ہی نہیں پا رہا ، میں تمہیں کیسے مرنے دے سکتا ہوں ، پلیز یار کوئی تو گنجائش نکال لو ،


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

معاف کر دو مجھے عمر بھر کی سزا نہ دو ، وہ کرب سے بولا تھا ، اسے اس حال میں دیکھا نہیں جا رہا تھا۔۔۔!!!

میں آپ کو سزا نہیں دے رہی افنان میں آپ سے ناراض نہیں ہوں ، موت نے تو ایک دن آنا ہی ہے جب موت قریب آجاتی ہے تو کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی ، دعا کریں آرام سے موت آجائے مجھے ، اور تکلیف سہنے کی سکت نہیں ہے مجھ میں ، وہ اسکے کندھے سے سر ٹکائے بولی تھی۔۔۔!!!

میں نے کچھ بھی نہیں چاہا افنان آپ کی محبت چاہی تھی ، آپ نے کہا تھا نہ کے مجھ سے بات نہ کیا کرو ، آپ نے کہا تھا آپ مجھ سے نفرت کرتے ہیں شدید نفرت ، اسی لئے چپ ہوگئی تھی ناراض نہیں ہوئی تھی ، میں چاہتی تھی آپ سے بات کرنا ، بہت ساری باتیں کرنا ، پر ہمت نہیں ہوتی تھی ، میں چاہتی تھی کہ کاش آپ مجھے سمجھ لیں کاش آپ کو علم ہوجائے کہ میں آپ کو کتنا چاہتی ہوں پر میری خاموش محبت میں شاید شدت ہی نہیں تھی ، میں آپ کو اپنا نہیں بنا سکی افنان ، آپ کی محبت نہیں پا سکی ، اب کچھ نہیں چاہیے مجھے ساری خواہشیں دم توڑ چکی ہیں زندگی نہیں چاہیے مجھے ، بس میری افرا کا خیال رکھنا ، جانتی ہوں وہ بہت

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

روئے گی مگر آپ ہیں نہ اس کے پاس وہ میرے بغیر تو رہ سکتی ہے پر آپ سے بہت پیار کرتی ہے میں جانتی ہوں آپ اسے سنبھال لیں گے ، دیکھے نہ میں اس کے لئے بھی کچھ نہیں کر پائی ، کتنی بد نصیب ہوں نہ میں ، میری ذات سے صرف لوگوں نے تکلیف ہی پائی ہے میں زندگی میں کچھ بھی اچھا نہیں کر پائی پتا نہیں خدا مجھے معاف بھی کرے گا یا نہیں ، وہ روتے ہوئے بولی تھی۔۔

بس الماس بس چپ ہوجاؤ ، وہ اسے اپنے سینے سے لگائے بولا تھا ،

اس طرح مت کریں پلیز ، آپ کی بے رخی مجھے مار دے گی ، میں مر جاؤں گی

----

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اور میں انتظار کروں گا۔ ماضی کے تلخ جملے اسکے سماعت سے ٹکرائیں تھے کیسے کہہ دیا تھا میں نے یہ بھی نہ سوچا کہ اگر وہ سچ میں مر گئی تو کیا ہوگا ، آنکھوں سے آنسوں نکل آئے تھے ،

نہیں یار میں کبھی بھی یہ نہیں چاہتا تھا ، میں نے کبھی نہیں چاہا تھا کہ تم ، سچ کہہ رہا ہوں یار وہ تو میں نے غصے میں کہہ دیا تھا اتنی بڑی سزا تو نہ دو ، وہ اسے


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

اپنے سینے سے لگائے بولا تھا ، آنسوں بہتے ہوئے اسکے بالوں میں جذب ہو رہیں تھے

--

کچھ نہیں ہوا افنان سب ٹھیک ہے بس زندگی ختم ہونے والی ہے اتنی ہی سانسیں باقی تھی اسکی شرٹ کو مٹھیوں میں جکڑے وہ لمبی لمبی سانسیں لینے لگی تھی ، الماس ، الماس کیا ہوا ہے ، ادھر دیکھو میری طرف ، وہ اسکا چہرہ دیکھنا چاہ رہا تھا مگر وہ اسے چھوڑ ہی نہیں رہی تھی ، الماس ادھر دیکھو ، اسکا چہرہ زبردستی اپنے سامنے کرتا وہ دنگ رہ گیا تھا ، ناک سے خون کی لکیر نکلتی گردن تک جا رہی تھی ، الماس میری جان کیا ہوا ہے ، اسکی سانسیں اکھڑنے لگی تھی ، میری افرا کا خیال رکھنا ، اسکی ہلکی ہلکی آواز افنان کے کانوں سے ٹکرا رہی تھی ، الماس ، وہ اسے پکار رہا تھا پر وہ خاموش ہوگئی تھی شرٹ پر ہاتھ کا دباؤ کم ہوگیا تھا ، اسکا بے جان وجود افنان کے کندھے پر ڈھلک گیا تھا ، سانسیں تھم گئی تھی ، تکلیف سے نجات مل چکی تھی ، الماس اٹھو آنکھیں کھولو ، وہ اسے پکار رہا تھا ، پر وہ کہیں دور جا سوئی تھی ، اب کوئی پکار اس پر اثر نہیں کر رہی تھی ، جس کی محبت میں اتنا تڑپی تھی ، آج وہ تڑپ رہا تھا اسے پکار رہا تھا پر وہ اسے سن نہیں پارہی تھی ، اس کا تڑپنا دیکھ


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

نہیں پارہی تھی ، اسے سکون مل چکا تھا ، اسکی بانہوں میں سمٹی وہ ایک پر سکون نیند جا سوئی تھی۔۔!!!

مزاجِ یار کی کب تک حقارتیں سہتا،
انا پرست تھا وہ شخص مر گیا ہوگا 💔

---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ لاؤنج میں بیٹھی کسی گہری سوچ میں گم تھی ، تبھی فارس وہاں آیا تھا ، کیا ہوا فری اتنی خاموش کیوں بیٹھی ہو ، آر یو اوکے ، وہ اسکے پاس بیٹھتا بولا تھا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

فارس وہ ، وہ پریشانی سے بولی تھی۔۔۔

کیا ہوا ٹھیک سے بتاؤ ، وہ اسکی جانب دیکھتا بول رہا تھا۔

فارس وہ الماس کی ڈیتھ ہوگئی ہے ، وہ روانی میں بول گئی تھی۔۔۔


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

کیا ؟ وہ حیران نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا---

جی سمایا کی کال آئی تھی ، اسے برین ٹیومر تھا ، وہ روتے ہوئے بولی تھی---

اچھا نہ اچھا تم کیوں رو رہی ہو ریلیکس پریشان نہ ہو ، وہ اسے اپنے ساتھ لگائے بولا تھا--

حقیقت میں وہ خود بھی کافی پریشان ہو گیا تھا ، ایسا کیسے ہو سکتا ہے ، الماس کچھ دن پہلے تو اسے انابیہ کی منگنی میں دیکھا تھا ، وہ بس سوچ ہی سکا تھا--

---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ آہستہ قدموں سے چلتی سٹڈی روم میں داخل ہوئی تھی ، ہر طرف اندھیرا تھا ، اندھیرے میں اسے ایک ہیولا نظر آیا تھا ، وہ جانتی تھی وہ کون ہے ، لائٹ آن کرتی وہ اسکے پاس آئی تھی جو کرسی پر سر ٹکائے آنکھیں موندے خاموش بیٹھا تھا ، افنان اس طرح کیوں بیٹھے ہو ، دانیہ اسکے پاس بیٹھتی بولی تھی ، چلو افرا بہت رو رہی ہے


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

افنان اسے تمہارے علاوہ کوئی نہیں سنبھال سکتا ، وہ آج پہلی بار اپنے بھائی کو ٹوٹتا بکھرتا دیکھ رہی تھی ، اسے تکلیف ہوئی تھی---

وہ اپنی ماں کو ڈھونڈ رہی ہے آپی میں کیسے اسے سنبھالوں ، وہ کرب سے آنکھیں میچ کر بولا تھا ، آنکھوں کے کنارے بھیگ گئے تھے---

اس طرح نہیں چلے گا افنان تمھیں خود کو سنبھالنا پڑے گا ہمت کرنی پڑے گی ، اسے جانا تھا وہ چلی گئی ، ہم بس اس کے لئے دعا ہی کر سکتے ہیں ، الماس کی موت کا اسے بھی دکھ تھا ، بھابھی ہونے کہ ساتھ وہ اسکی کزن بھی تھی---

https://www.classicurdumaterial.com/

کیسے ہمت کروں آپی ، اپنے ہاتھوں سے اسے قبر میں اتار کر آرہا ہوں ، کیسے ہمت کروں ، لہجے میں وحشت ہی وحشت تھی---

Support@classicurdumaterial.com

میرے ان ہاتھوں میں دم توڑ دیا اس نے اور میں کچھ نہیں کر پایا اسے بچا نہیں پایا ، کیسے ہمت کروں ، وہ دونوں ہاتھوں میں چہرہ گرائے پھوٹ پھوٹ کر رو دیا تھا---

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

دانیہ بی بی ارمان بھائی آپ کو بلا رہیں ہیں ، تبھی ملازمہ وہاں آئی تھی---


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

انہیں کہو آتی ہوں ، وہ اسے کہتی افنان کی جانب مڑی تھی ، جو واپس اسی پوزیشن میں بیٹھ چکا تھا---

تمھیں ہمت کرنی ہے افرا کی خاطر وہ تو اتنی چھوٹی ہے یار اسے سزا نہ دو ، اپنی نشانی چھوڑ گئی ہے وہ تمہارے پاس افرا کی صورت میں ، تمھیں اس کا خیال رکھنا ہے ، ماں تو چلی گئی ہے اسکی باپ بھی دور ہو جائے گا تو اس ننھی سی جان کا کیا ہوگا ، وہ معصوم بچی تڑپ رہی ہے اتنے دن ہسپتال میں گزر گئے تم نے اسے گود میں نہیں لیا ہے اسے تمہاری ضرورت ہے تم دونوں کے بغیر کبھی نہیں رہی ہے وہ ، الماس تو نہیں ہے تمھیں اسے سمجھالنا ہے ، پلیز افنان بی بریو ، وہ اسے دیکھ کر بولی تھی---

میں جارہی ہوں تم افرا کے پاس جاؤ پلیز ، وہ اسکے گال پر ہاتھ پھیرتی بولی تھی ، اس نے اثبات میں سر ہلایا تھا---!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

بہت دکھ ہوا تمہاری کزن کی ڈیتھ کا ، ماہ نور انابیہ کو دیکھ کر بولی تھی--

ہمم شاید اتنی ہی زندگی تھی انکی ، وہ خود بھی کافی اپ سیٹ تھی-- اتنی چھوٹی بیٹی ہے انکی بہت افسوس ہو رہا ہے مجھے بھی لیکن شاید خدا کو یہی منظور تھا ، انابیہ تاسف سے بولی تھی--

ہمم چلو اللہ بہتر کرے گا پریشان نہ ہو ، ماہ نور اسے اپنے ساتھ لگاتی بولی تھی --

ہمم چلو میری ڈیوٹی اوف ہے میں نکلتی ہوں گھر کے لئے ، انابیہ کھڑی ہوتی بولی تھی---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ہمم ٹھیک دھیان سے جانا ، وہ اسکے گلے لگتی ایمرجنسی کی جانب بڑھ گئی تھی جبکہ انابیہ باہر نکل گئی تھی---

________________سوئی نہیں بابا کی گڑیا اب تک ، افنان کمرے میں آیا تو وہ بیڈ پر اکیلی لیٹی تھی ، بابا میں مما پاس سوتی ہوں مما تھاں ہے؟ ، وہ اسے دیکھتی اپنی ماں کے بارے میں پوچھ رہی تھی---


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

افنان نے اسے اپنے سینے سے لگا لیا تھا ، بابا دادو کہتی بابا سات سو میں مما پاس سوتی ہوں مما کو بلائیں بابا ، وہ اسکے سینے سے لگی دوبارہ بولی تھی---

آج آپ بابا کے ساتھ سو جائیں نہ ، وہ اسکے ماتھے پر پیار کرتا بولا تھا ، مما کپڑے بدلاتی ، میں مما ساتھ سوتی ، وہ اسے سمجھانے کی کوشش کر رہی تھی ، وہ اسے اپنے ساتھ لگائے لیٹ گیا تھا ، بابا مما شیک بھی دیتی ہیں ، مما ہے نہیں کہی بھی مما تہاں دئی ، اسے بس اپنی ماں کی فکر تھی جو اسے پورے گھر میں کہیں بھی دکھائی نہیں دے رہی تھی ، سو جاؤ گڑیا بابا ہیں نہ آپ کے پاس ، وہ اسے پیار کرتا بولا تھا ، تھوڑی ہی دیر میں وہ نیند کی وادی میں اتر گئی تھی---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

دیکھو الماس کتنا مشکل ہے اسے سمجھالنا ، میں کیسے کروں گا ، وہ آنکھیں موندے لیٹ گیا تھا---

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میں چاہتی تھی آپ سے بات کرنا ، بہت ساری باتیں کرنا ، پر ہمت نہیں ہوتی تھی ، میں چاہتی تھی کہ کاش آپ مجھے سمجھ لیں کاش آپ کو علم ہوجائے کہ میں آپ کو کتنا چاہتی ہوں پر میری خاموش محبت میں شاید شدت ہی نہیں تھی ، میں آپ کو اپنا نہیں بنا سکی افنان ، آپ کی محبت نہیں پا سکی ، اب کچھ نہیں چاہیے


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

مجھے ساری خواہشیں دم توڑ چکی ہیں زندگی نہیں چاہیے مجھے ، بس میری افرا کا خیال رکھنا ، اس کے دماغ میں الماس کی باتیں گردش کر رہی تھی ، نیند آنکھوں سے کوسوں دور تھی---!!!

پیار کرتی تھی میں آپ سے ، پر آپ نے کبھی اسکے آگے مجھے کوئی اہمیت نہیں دی ، مجھ سے برداشت نہیں ہوتا تھا ، میرا دل چاہتا تھا میں سب ختم کر دوں ، میں یہ سب کرنا نہیں چاہتی تھی ، پر میں کیا کرتی ، کیا کرتی میں ، مجھ سے غلطی ہوگئی ، نہیں غلطی نہیں گناہ ہوگیا ، ایسی غلطی جو کسی انسان کو برباد کردے وہ غلطی نہیں ہوتی گناہ ہوتا ہے ، اور مجھ سے گناہ ہوگیا ہے ، میں کیا کروں ، وہ رونے لگی تھی ، میں آپ سے پیار کرتی تھی ، پیار کرتی تھی -----!!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

الماس کی آواز کہیں دور سے آتی ہوئی محسوس ہوئی تھی--

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

افنان مجھے معاف کردیں پلیز ، پلیز مجھے معاف کر دیں ،

افنان پلیز ، مجھے معاف کردیں ، میں مر جاؤں گی ، مجھے معاف کردیں پلیز ، وہ اسکی شرٹ دبوچے کھڑی تھی ، آنکھوں سے آنسوں لڑیوں کی صورت بہہ رہیں تھے -----!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

چھوڑو مجھے ، جاؤ مر جاؤ ، مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا ، وہ غصے سے بولا تھا -----!!!!

افنان پلیز مجھے معاف کر دیں ، پلیز ،

اسکی سسکیاں اسے اپنے قریب سنائی دے رہی تھی --

پلیز افنان مت کریں میرے ساتھ ایسا ، میں مر جاؤں گی ، مجھے سزا دے دیں ، مجھے مار لیں ، اس طرح مت کریں پلیز ، آپ کی بے رخی مجھے مار دے گی ، میں مر جاؤں گی ، وہ روتے ہوئے بولی تھی ----

اور میں انتظار کروں گا ---!!!

یہ کیا ہو گیا الماس ساری زندگی کا پچھتاوا دے گئی تم مجھے ، کیسے سکون آئے گا مجھے ، شاید نہیں آئے گا اتنا تڑپایا ہے نہ تمھیں ، مجھے بھی تڑپنا پڑے گا ساری زندگی ، وہ درد سے آنکھیں موند گیا تھا -----!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

---

سات سال بعد ---!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

وہ ڈریسنگ پر کھڑی کچھ تلاش کر رہی تھی تبھی وہ آہستہ قدموں سے چلتا اسکے پیچھے آرکا تھا، کیا ڈھونڈ رہی ہیں بیگم ، آپ جلدی آگئے ؟ وہ ایک دم ہی پیچھے مڑی تھی ، مگر وہ بلکل اس کے پیچھے کھڑا تھا جس کے باعث وہ اسکے چوڑے سینے سے ٹکرائی تھی ، پیچھے ہٹے نہ ، اسے دونوں ہاتھوں سے پیچھے دھکیلتی بولی تھی مگر وہ ٹس سے مس نہ ہوا تھا۔۔۔

چھ سال ہوگئے ہماری شادی کو مگر تم آج بھی مجھ سے اتنا گھبراتی ہو , یار اورنگزیب

https://www.classicurdumaterial.com/

پلیز ہٹ جائے نہ ، مجھے کام کرنے دن پھر وہ دونوں بھی آجائے گی اسکول سے ، وہ خفگی سے بولی تھی۔۔

Support@classicurdumaterial.com

اور اگر نہ ہٹوں تو ، وہ مسکرا کر اور قریب ہوا تھا ، سمایا نے اب کافی زور لگا کر دھکا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مارا تھا جس سے وہ بس تھوڑا سا ہی ہل پایا تھا۔۔۔

جتنی بھی موٹی ہوجاؤ مجھے نہیں پیچھے ہٹا سکتی ، وہ اسکی ناک دبا کر بولا تھا۔۔۔

میں موٹی ہوگئی ہوں ؟ سمایا کو تو جیسے صدمہ ہی ہوگیا تھا۔۔۔

ہمم بس تھوڑی سی ، وہ آنکھیں سکوڑ کر اسکا جائزہ لیتا بولا تھا۔۔۔


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

تبھی دروازہ کھولتی وہ دونوں اندر آئی تھی ، بابا آپ آدئے ، عریشہ بھاگتی ہوئی اس سے لپٹ گئی تھی ، جی میری جان میں آگیا ، وہ مسکرایا تھا--

بابا ایک بات پوچھو ؟ اب وریشہ نے اسے مخاطب کیا تھا ، جی میری جان پوچھو ، وہ ان دونوں کو اپنے ساتھ بیڈ پر بٹھا چکا تھا---

بابا عرشہ بڑی ہے یا میں؟ ، وہ اپنے بائیں ہاتھ کی مٹھی بنائے آنکھ رگڑتی پوچھ رہی تھی ، وہ عریشہ کو عرشہ بولتی تھی اور عریشہ بھی اسے ورشہ کہتی تھی--

اسکے سوال پر سمایا بھی انکی جانب متوجہ ہوئی تھی ، یہ کیسا سوال ہے بھئی ، آپ دونوں تو ٹوئنس ہو نہ ، زیب مسکرا کر بولا تھا---

https://www.classicurdumaterial.com/

بابا یہ عرشہ بولتی میں بڑی ہوں ، وریشہ منہ بسور کر بولی تھی--

Support@classicurdumaterial.com

اور آپ کو کس نے کہا کے آپ بڑی ہیں ، وہ عریشہ کو بولا تھا ، جو اب اپنے سوکس اتار کر شوز میں رکھ رہی تھی-

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

چاچو کہتے میں تونئتی منتس بری ہوں ، وریشہ کے مقابلے میں عریشہ تھوڑی توتلی تھی---

تمہارے چاچو کی تو ، وہ کہتے کہتے خاموش ہو گیا تھا---


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

چلو جاؤ کپڑے چینج کرو میں کھانا لگاتی ہوں ، وہ ان دونوں کو بولی تھی جو زیب کے ایک ایک بازو پر بیٹھی لاڈ کر رہی تھی۔۔۔!!

---

چار سو ہلکی روشنی پھیل گئی تھی ، لندن کا موسم خاصا سرد تھا ، اس نے کھڑکی پر لگے گرے دبیز پردے ایک طرف کئے تھے سورج کی روشنی نے پورے کمرے میں روشنی بکھیر دی تھی ، بلیک رنگ کا کرتا شلوار پہنے وہ خاصا گریس فل لگ رہا تھا ، ان سات سالوں میں بہت کچھ بدل گیا تھا ، آنکھوں میں نظر کا چشمہ لگائے وہ رائٹنگ ٹیبل پر بیٹھا تھا ، اور سامنے رکھی براؤن رنگ کی ڈائری کھولی تھی۔۔!!

آج تمھیں گئے پورے سات سال بیت گئے دو ہزار پانچ سو پچپن دن ، پتا ہے افرا گیارہ سال کی ہوگئی ہے ، بہت پیاری بلکل تمہارے جیسی ، اسکی عادتیں بھی تمہاری جیسی ہے ، جب وہ ہنستی ہے تو میری زندگی میں روشنیاں بکھیر دیتی ہے ،

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

میرے جینے کی واحد وجہ ہے وہ کاش تم یہاں ہوتی اسے تمہاری ضرورت ہے الماس ، مگر تم نہیں ہو ، سات سال سے تڑپ رہا ہوں میں پچھتاوے کی آگ میں جل رہا ہوں ، پتا ہے مجھے نیند نہیں آتی ، تمھیں بھی نہیں آتی تھی نہ؟ ، سات سال گزر گئے میں سو نہیں پاتا جب آنکھیں بند کرتا ہوں تو تمہارا تکلیف دہ چہرہ میرے سامنے آ جاتا ہے ، تمھیں کتنا تنگ کیا تھا نہ میں نے تمھیں خود سے اتنا دور کر دیا تھا ، تم بھی تو جاگتی تھی رات رات بھر میں جانتا ہوں دیکھتا تھا میں ، اب میں بھی جاگتا ہوں کیا تم نہیں دیکھتی ، سات سال میں پل پل مرا ہوں میں پتا چل گیا ہے مجھے کے تم کتنی تکلیف میں تھی ، مجھے لگتا تھا تمھیں خود سے دور کر کے سزا دے رہا ہوں ، تم نے غلط بھی تو کیا تھا ، لیکن قصور پتا ہے میرا تھا ، تم نے مجھے پانے کے لئے یہ سب کچھ کیا تھا کتنی پاگل تھی تم میرے پیار میں جبکہ تمہاری اتنی محبت میں ڈیزرو بھی نہیں کرتا تھا۔۔۔۔

میں تو کسی کی بھی محبت کے قابل نہیں تھا سمایا کے ساتھ تم نے نہیں میں نے غلط کیا تھا اس پر یقین نہ کر کے ، مگر سزا تمھیں دیتا رہا تمھیں تکلیف دینے کی سزا اب تک کاٹ رہا ہوں میں ، نہ میں نے تمہارے ساتھ اچھا کیا تھا نہ ہی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

سمایا کے ساتھ ، دیکھو نہ خدا نے تمھیں چھین لیا مجھ سے میں کسی کے قابل ھی نہیں تھا ، کچھ نہیں ہے میرے پاس بلکل خالی ہوگیا ہوں ، کچھ نہیں ہے ، کاغذ پر چلتا ہاتھ تھم گیا تھا ، چشمہ اتار کر ٹیبل پر رکھا تھا آنکھوں سے آنسوں گرنے لگے تھے ، تبھی دروازے پر دستک ہوئی تھی ، وہ آنسوں صاف کرتا رائٹنگ ٹیبل پر سے اٹھا تھا ، آنکھوں میں نظر کا چشمہ لگاتے دروازے کی جانب بڑھا تھا جو زورو شور سے بج رہا اور باہر یقیناً افرا ہی تھی---

بابا آج آپ پھر لیٹ ہوگئے آج ہم دونوں نے ساتھ واک پر جانا تھا ، وہ دونوں ہاتھ کمر پر ٹکائے لڑاکا عورتوں کی طرح بولی تھی--

https://www.classicurdumaterial.com/

ارے یار سوری بھئی میں آج پھر لیٹ ہوگیا چلو آجاؤ بیٹھو بس میں پانچ منٹ میں

Support@classicurdumaterial.com

چینج کر کے آتا ہوں , وہ اسے کہتا الماری کی جانب بڑھ گیا تھا ، ان سات سالوں

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میں بھی وہ نہ بدلا تھا ، پورا کمرہ نفاست کا منہ بولتا ثبوت تھا ، وہ آکر بیڈ پر بیٹھ گئی تھی ، وہ بلیک رنگ کا واکنگ ڈریس پہنے ہوئے تھی جس پر جامنی رنگ کی پٹیاں لگی تھی گھنگریالے بالوں کی ٹائٹ سی پونی بنائے وہ فریش لگ رہی تھی ، تبھی اسکی نظر سامنے میز پر پڑی تھی جہاں الماس کی تصویر رکھی تھی اسکے قدم اس جانب بڑھ


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

گئے تھے ، مما تصویر کو ہاتھ میں اٹھائے اسکی زبان سے بے ساختہ نکلا تھا ، الماس کی ہنستی مسکراتی تصویر جسے وہ جب بھی دیکھتی تھی کہیں کھو جاتی تھی ، کیا میں واقعی مما جیسی ہوں ، ہاں میرے گال کا تل بھی ان کے جیسا ہے بابا ٹھیک کہتے ہیں میں مما جیسی ہوں ، وہ دل ہی دل میں بول رہی تھی---

مما آپ کیوں چلی گئی ، مجھے تو آپ ٹھیک طرح یاد بھی نہیں بس تھوڑا تھوڑا یاد ہے کاش آپ میرے پاس ہوتی بابا اتنا اداس نہ ہوتے میری ہیپی فیملی کمپلیٹ ہوتی ، دادو بابا سے ناراض نہ ہوتی ، آپ کو پتا ہے وہ بابا کو کہتی ہیں شادی کر لو میں نے کل سنا تھا ، اور بابا نے ان سے لڑائی کر لی تھی ، وہ انکی بات ہی نہیں مانتے ، وہ اسکی تصویر پر انگلیاں پھیرتی بلکل دھیمی آواز میں بول رہی تھی ، تبھی افنان باہر آیا تھا اور اسے تصویر میں کھویا دیکھ کر ساکت رہ گیا تھا ، وہ کتنی چاہ سے اسے دیکھ رہی تھی---

افرا ، وہ اس کے قریب آیا تھا ، اور اسنے جلدی سے تصویر واپس اسی جگہ پر رکھ دی تھی---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

چلیں بابا جلدی تیار ہوں لیٹ ہو رہا ہے ، وہ اسے دیکھ کر بولی تھی جو غور سے اسکے چہرے کا اتار چڑھاؤ دیکھ رہا تھا---

افرا میری جان ادھر بیٹھو میرے پاس ، وہ اسے بیڈ تک لیکر آیا تھا ، اور خود نیچے گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا تھا----

کوئی پریشانی ہے میری گڑیا کو ؟ وہ پیار سے اسے دیکھ کر بولا تھا ، نہیں تو ، وہ نظریں جھکائے بولی تھی----

اس کا مطلب یہ ہے کہ افرا اب بابا سے جھوٹ بولنے لگی ہے ہمم ، وہ اسکا چہرہ اپر کرتا بولا تھا--

https://www.classicurdumaterial.com/

چلو شاباش جلدی سے بتاؤ کیا بات ہے ؟

Support@classicurdumaterial.com

بابا آپ شادی تو نہیں کریں گے نہ ؟ وہ پریشان لہجے میں اس سے پوچھ رہی تھی---

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جبکہ افنان کو اسکی بات سن کر دھچکا لگا تھا ، یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں ؟

بابا دادو کہہ رہی تھی آپ سے میں نے سنا تھا ، وہ اپنے آنسوں صاف کرتی بول رہی تھی--


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

آپ میری اور دادو کی باتیں سنتی ہیں کتنی بری بات ہے نہ ، وہ اسے اپنے ساتھ لگاتے بولا تھا۔۔۔

بابا پلیز آپ شادی نہ کرنا سٹیپ مدر اچھی نہیں ہوتی میری فرینڈ کی سٹیپ مدر بہت بری ہیں انھوں نے اس کے بابا کو بھی اس سے دور کردیا ، آپ مجھ سے دور مت جانا بابا ، وہ اسکے گلے میں بانہیں ڈالتی بولی تھی۔۔۔

افنان کو ہر گز اس سے اتنی حساسیت کی امید نہیں تھی ، وہ اتنی بڑی نہیں تھی کہ ان سب باتوں کو ٹھیک سے سمجھتی لیکن وہ سمجھدار تھی بہت حساس تھی ساری باتیں محسوس کرتی تھی ، ماں سے دوری نے اسے حساس کر دیا تھا ، نہیں میری گڑیا میں آپ سے دور نہیں جاؤں گا ، کیوں پریشان ہو رہی ہو چلو چپ ہوجاؤ وہ اسکا ماتھا چومتا بولا تھا۔۔۔!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اب نہیں رونا بابا نہیں کریں گے شادی ہمم ، وہ اسے خود سے دور کرتے بولا تھا۔۔۔

اس نے اثبات میں سر ہلا دیا تھا۔۔۔!!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

چلو آپ بیٹھو میں تیار ہوجاؤ ورنہ لیٹ ہوجائے گا ، وہ اٹھ کر ڈریسنگ ٹیبل تک جانے لگا تھا تبھی وہ فورا کھڑی ہوئی تھی ، بابا ، اسکی پکار پر وہ واپس مڑا تھا۔۔

جی ؟

بابا سوری میں آپ کی اور دادو کی باتیں نہیں سنتی ، میں آپ کے پاس آرہی تھی اس وجہ سے میں نے سن لیا تھا ، وہ سر اٹھا کر اسے دیکھتی بول رہی تھی۔۔۔

ہمم ٹھیک ہے کوئی بات نہیں وہ اسکے گال تھپکتا آگے بڑھ گیا تھا۔۔۔!!

جبکہ وہ واپس بیڈ پر بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

---

یہ میری دوست ہے یہ کھیلے گی ، یہ گندی ہے ہم اسے نہیں کھلائیں گے ، وہ دو ٹوک انداز میں بولا تھا۔۔۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

نئی یہ میری بہن ہے یہ بھی تھیلے دی ، عریشہ غصے سے بولی تھی۔۔ ،

نہیں یہ نہیں کھیلے گی وہ اب بھی اپنی بات پر اڑا ہوا تھا۔۔۔

فر میں بھی نئی تھیلوں گی ، وہ وریشہ کا ہاتھ پکڑتی لاؤنج میں جا کر بیٹھ گئی تھی ، جہاں سارے بڑے بیٹھے باتیں کر رہیں تھے۔۔۔!!


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

یار آپی اسے پکڑنا ایک منٹ ، انابیہ نے ایک سالہ ایبک کو اسے پکڑایا تھا جو رو رو کر ہلکان ہو رہا تھا ، ارے کیوں رو رہا ہے میرا بیٹا وہ اسے گود میں لیتی بہلانے لگی تھی---

آپ دونوں تو باہر کھیل رہی تھی یہاں کیوں بیٹھی ہیں ، جہانزیب ان دونوں کو دیکھ کر بولا تھا ، بڑے پاپا وہ بلاج تھہ رہا ہے ورشہ کو نئی تھلائے گے ہم دونوں یہاں آدئے ، عریشہ نے اس سے بالاج کی شکایت لگائی تھی---

ایسے کیسے نہیں کھلائے گے یہ فضول کی غنڈہ گردی کرنے لگا ہے چلو میرے ساتھ میں دیکھتی ہوں ، امسال دو سالہ بریرہ جہانزیب کو پکڑاتی بولی تھی ، تبھی بالاج اور سبحان ساتھ ہی اندر آئے تھے ، یہ کیا طریقہ ہے بھئی تم بہنوں کو اپنے ساتھ نہیں کھلاؤ گے ، امسال غصے سے اسے گھور رہی تھی ، سبحان بیٹا بہت بری بات آپ ان دونوں کو کیوں نہیں کھلا رہے ، ارشد سبحان کو دیکھ کر بولا تھا---

بابا بالاج بھائی نے منع کیا ہے میں نے کچھ بھی نہیں کا چھ سالہ سبحان فورا بولا تھا----

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

عریشہ میری بہن ہے ، وریشہ نہیں ہے میں وریشہ کو نہیں کھلاؤں گا، وہ اب بھی اپنی بات پر اڑا ہوا تھا۔۔۔

کیوں بھئی آپ کیوں میری گڑیا کو نہیں کھلائیں گے ، تبھی اورنگزیب وہاں آیا تھا۔۔۔

چاچو اس کو کھیلنا نہیں آتا ، وہ فورا بولا تھا۔۔۔

عرشہ تم کھیلو میں نہیں کھیلوں گی ، وریشہ اٹھ کر سمایا کے پاس چلی گئی تھی جو ایبک کو گود میں لئے بیٹھی تھی۔۔۔

دیکھا ہے آپ نے اسے ناراض کر دیا ، کتنی بری بات ہے وہ ہرٹ ہوگی نہ چلو جاؤ اسے بلا کر لاؤ ، امسال بالاج کو دیکھ کر بولی تھی ، جو کچھ سوچ کر اس کے پاس چلا گیا تھا۔۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

چلو آجاؤ تم بھی کھیل لو وہ زبردستی اسکا ہاتھ پکڑ کر اسے ساتھ لے آیا تھا ، پھر سارے بچے کھیلنے کے غرض سے لان میں چلیں گئے تھے۔۔۔!!!

انابیہ اور شاہ کی شادی کو چار سال ہو چکے تھے ، شادی کے تین سال بعد اللہ نے انہیں پیارے سے بیٹے سے نوازا تھا۔۔


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

انابیہ اور شاہ کی شادی کے ایک سال بعد ہی عالیہ بیگم دنیائے فانی سے کوچ کر گئی تھی۔۔۔۔۔

سب اپنی زندگیوں میں خوش تھے ، ارشد اور جنت کا بھی ایک چار سالہ بیٹا تھا ، اورنگزیب اور سمایا کو اللہ نے جڑواں بیٹیوں سے نوازا تھا ، فارس اور فریال کے دو بیٹے تھے فارس اپنی جاب کی وجہ سے اسلام آباد میں ہی مقیم تھا۔۔۔۔!!!

الماس کی ڈیتھ کے چند سالوں بعد افنان افرا اور سعدیہ بیگم کو لیکر لندن چلا گیا تھا ، سعدیہ بیگم نے بہت کوشش کی تھی اسکی شادی کرانے کی پر وہ کسی صورت راضی نہیں ہوا تھا ، اب وہ لوگ پچھلے پانچ سالوں سے لندن میں ہی مقیم تھے۔۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

_________________________ بابا پلیز آپ شادی نہ کرنا سٹیپ مدر اچھی

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

نہیں ہوتی میری فرینڈ کی سٹیپ مدر بہت بری ہیں انھوں نے اس کے بابا کو بھی اس سے دور کردیا ، آپ مجھ سے دور مت جانا بابا۔۔۔

اسکے دماغ میں افرا کی باتیں گردش کر رہی تھی۔۔۔۔


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

نہیں میں نے شادی نہیں کرنی الماس ، تمہاری جگہ کوئی نہیں لے سکتا میں افرا کے لئے سوتیلی ماں کبھی نہیں لاؤ گا ، وہ اسکی تصویر پر ہاتھ پھیرتا بول رہا تھا---

میں کبھی شادی نہیں کروں گا مجھے اب خوشیاں نہیں چاہیے ، تمہاری دی ہوئی ہر سزا مجھے منظور ہے ، جس طرح تم اس دنیا سے چلی گئی میں بھی یوں ہی چلا جاؤں گا ، ساری زندگی میں تکلیف سہنے کو تیار ہوں---

کاش تم مجھے بتا دیتی الماس کاش تم کہہ دیتی کہ تم اتنی بیمار ہو میں تمھیں کہیں نہیں جانے دیتا میں سب ٹھیک کر دیتا لیکن جانتا ہوں تم نے مجھے سزا دی ہے ، ساری زندگی تمھیں ستانے تمھیں رلانے کا بوجھ اٹھائے پھرنا ہے ، مکافات عمل سے گزر رہا ہوں میں تمہاری بھی تو ساری خوشیاں چھین لی تھی ، تمہارا سکون چھین لیا تھا ، اب میں بے سکون رہنا چاہتا ہوں ، تمھیں دی گئی اذیتوں کا مداوا تو نہیں کر سکتا لیکن اتنی ہی اذیت سہہ تو سکتا ہوں نہ ، وہ اسکی تصویر پر سر ٹکائے آنکھیں موند گیا تھا ، سات سالوں سے وہ بے بسی کی انتہا پر تھا ، تقدیر بھی اسکی بے بسی پر مسکرا دی تھی---!!!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

اے ابنِ آدم

ایک تیری چاہت ہے

ایک میری چاہت ہے

مگر ہوگا وہی.

جو میری چاہت ہے

اگر تو نے خود کو سپرد کردیا اُس کے

جو میری چاہت ہے

تو میں بخش دوں گا تجھ کو

جو تیری چاہت ہے

اور اگر تو نے نافرمانی کی اُس کی

جو میری چاہت ہے۔

تو میں تھکا دوں گا تجھ کو اُس میں

جو تیری چاہت ہے

اور پھر ہوگا وہی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

جو میری چاہت ہے۔!

ختم شد۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/


Do not copy or distribute without permission of the author
For more Novels please visit our website
www.classicurdumaterial.com

# CLASSIC URDU MATERIAL

## خوشخبری

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور ہماری ویب سائٹ پر اپنا ناول /ناولٹ / افسانہ /کالم /آرٹیکل /شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

**Email Address**
bestreadingmaterial@gmail.com
Classicnovels04@gmail.com
**Facebook Group:** Classic Urdu Material
**Facebook Page:** https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ان شاءاللہ آپکی تحریر ایک ہفتہ کے اندر اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔ مزید تفصیلات کے لیے اوپر دیے گئے ای میل ایڈریس پر رابطہ کریں۔ شکریہ

## نوٹ

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد بمعہ مصنفہ / مصنف کے نام سے محفوظ ہیں۔ بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز یا مواد سے متعلق مسودہ ویب سائٹ یا مصنفہ / مصنف کی اجازت کے بغیر نقل نہیں کر سکتا۔ نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد / بلاگ / ویب سائٹ کو درپیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہوگا۔

انتظامیہ کلاسک اردو میٹیریل